کج فہمی کے ساتھ ؛ ضدی پن سے ۔

wrong-headedness, n. کج روی ؛ عناد ؛ ضد ؛ اکھڑ پن ۔

wroth, a. بہت زیادہ خفا ؛ ناراض ؛ برہم ؛ غصے میں ؛ پیچ و تاب میں ؛ پُرغضب ؛ غصے میں لال پیلا ۔

wrought, a. ساختہ ؛ محنت سے مکمل کردہ ؛ جو کھردرا اور بھونڈا نہ ہو ؛ جس کی شکل ہتھوڑے یا کسی دوسرے اوزار سے کوٹ کوٹ کر خوش نما بنائی گئی ہو، مثلاً دھات کی اشیا ؛ پٹواں ۔

wrought-up, worked up, a. ہیجان میں مبتلا ؛ جوش میں ؛ اعصابی ہیجان کی کیفیت کا مظہر (جیسے : wrought-up over a trifle) ۔

wrought iron, n. پٹواں لوہا ؛ نسبتاً خالص لوہا جو ڈلوں کے لوہے سے تیار کیا جاتا ہے ، جس میں کاربن بالکل نہیں ہوتا اور جسے آسانی سے ڈھالا جا سکتا ہے یا جسے ٹانکا لگایا جا سکتا ہے ۔

wrought-iron, a. آہنی ؛ لوہے کا ؛ پٹواں لوہے کا ۔

wry, a. غیر معمولی طور پر جھکا ہوا یا ایک طرف کو مڑا ہوا ؛ مروڑا ہوا ؛ بدشکلا ؛ خراب ؛ ترچھا ؛ ٹیڑھا ؛ پیچدار ؛ کجرو ؛ بے راہرو ؛ لپٹا ہوا یا بگڑا ہوا ؛ معانی یا موضوع میں مسخ شدہ یا بگڑا ہوا ؛ طنزیہ ؛ تلخ طور پر مزاحیہ (جیسے : wry wit) - (فعل متعدی) مروڑ دینا (کسی شے کو یا مطالب اور موضوع کو) ۔

wryly, adv. ٹیڑھے پن سے ؛ بگڑے ہوئے انداز میں ؛ کجی کے ساتھ ۔

wryness, n. بگاڑ ؛ ٹیڑھا پن ؛ کجی ؛ پیچیدگی ؛ ترچھا پن ۔

wryneck, n. (امراضیات) صعر ؛ گردن سیخی ؛ وجع مفاصل سے گردن کی اینٹھن ۔ (بول چال) ٹیڑھی یا مڑی ہوئی گردن والا شخص ؛ ہدہد کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ ، جس کی گردن پیچھے کی طرف پیٹھ تک مُڑ جاتی ہے ، اسے یہ نام اس لیے دیا جاتا ہے کہ وہ غیر معمولی طور پر گردن میں الٹا خم دے سکتا ہے ۔

wulfenite, n. ایک معدن جس میں مولبڈینیمی سیسہ بطور جزو شامل ہے ، بالعموم پرت دار بلور کے طور پر پایا جاتا ہے ، اس کے رنگ بھورے سے لے کر پیلے اور سرخ تک ہوتے ہیں ۔ نیز : yellow lead ore ۔

wurst, n. دیکھیے : Sausage ۔

Wyandotte, n. امریکی مرغیوں کی درمیانے قدوقامت کی ایک گھریلو نسل جسے انڈوں اور گوشت کے لیے پالا جاتا ہے ۔

Wycliffite, Wyclifite, Lollard, Loller, a. انگلستان کے مذہبی راہنما جان وائی کلف (۱۳۲۰ء ـ ۱۳۸۴ء) کا یا اس کے متعلق ، اس کے اصولوں یا اس کے پیروکاروں کے بارے میں ۔ (اسم) جان وائی کلف کا معتقد ۔

wywern, wivern, n. (نقابت) دو ٹانگوں والے پردار مخروطی اژدھے کی شکل جو ڈھال پر بنائی جاتی ہے ۔

X

X,x, n. انگریزی حروف تہجّی کا چوبیسواں حرف اور اٹھارھواں حرفِ صحیح ؛ گفتگو میں استعمال ہونے والے اس حرف کی آواز ؛ تحریر یا طباعت میں چھوٹے حرف x یا بڑے حرف X کی شکل ؛ کوئی ایسی شے جسے اِس حرف سے ظاہر کیا جائے یا جو اس حرف جیسی شکل رکھتی ہو ؛ چھوٹے یا بڑے X کی طباعت کے لیے ایک ترسیمی آلہ ۔

X, n. حضرت عیسیٰ علیہ السّلام ؛ عیسائی ؛ رومن گنتی میں دس کا ہندسہ ؛ نقشوں یا خاکوں میں کسی مقام کی نشاندہی ، مثلاً فلاں مقام x پر ہے ؛ فلمی درجہ بندی یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ یہ فلم صرف بالغوں کے لیے ہے ؛ شراب کی قوّت کا نشان مثلاً X = یک آتشہ ، xx = دو آتشہ ؛ بایو کیمک ادویات میں طاقت (پوٹینسی) کا نشان مثلاً 6X ، 12X وغیرہ ۔

x, n. لا ؛ کسی ایسے شخص ، چیز ، ادارے ، جز وغیرہ کے لیے مستعمل اصطلاح جس کا صحیح نام معلوم نہ ہو یا بتایا نہ جائے ۔ (ریاضی) ایک نامعلوم مقدار ؛ فصلہ ؛ ضرب کی علامت جیسے : ۵ × ۵ = ۲۵ ؛ بوسے کی علامت خاص طور پر خط کے آخر میں ؛ ابعادِ ثلاثہ کے اعداد کے مابین استعمال ہونے والا نشان، مثلاً ۸ فٹ × ۱۲ فٹ کا کمرہ ۔ (عموماً بڑا X) ان پڑھ شخص کے دستخط ؛ انتخاب کا نشان مثلاً رائے کی پرچی پر ؛ اکثر و بیشتر غلطی کو ظاہر کرنے کا نشان ، جیسے امتحانات کے نمبر لگاتے وقت ۔

x, v.t. خارج کر دینا یا کاٹ دینا یا نکال دینا جیسے کسی تحریری مواد سے کوئی سطر یا لفظ (عموماً بعد میں out آتا ہے) ؛ کسی کثیر الانتخاب سوالنامے میں سے مناسب جواب پر x کا نشان لگانا ۔

xanthate, n. (کیمیا) صفوری نمک ؛ زینتھک ایسڈ کا نمک یا ایسٹر ۔

xanthic, a. صفوری ؛ پیلا یا زرد رنگ خصوصاً پھولوں میں پائے جانے والے تمام زرد یا زردی مائل رنگ ۔ (کیمیا) زینتھین یا زینتھک ایسڈ کا یا اُس سے متعلّق ؛ ایسے نامیاتی تیزاب کا مظہر یا اُس سے متعلّق جو بے رنگ ، روغنی اور تیز بو دار مائع ہوتا ہے اور جس کے تانبے سے مل کر بننے والے نمکیات چمک دار زرد رنگ کے ہوتے ہیں ۔

xanthin, n. زینتھین ؛ صفور نباتی ؛ زرد پھولوں کے زرد رنگی مواد کا وہ حصہ جو پانی میں حل نہیں ہوتا ؛ مجیٹھ میں زرد رنگ کا مادہ ۔

xanthine, n. (حیاتی کیمیا) زینتھائن ؛ صفور کیمیاوی ؛ یورک ایسڈ سے قریبی تعلق رکھنے والا قلمی نائٹروجنی مرکب جو

پیشاب ، خون اور بعض حیوانی اور نباتی نسیجوں میں پایا جاتا ہے ؛ اس مادے کی کوئی ذیلی شے ۔

Xanthippe, Xantippe, n. زینتِپ ؛ سقراط کی بیوی کا نام ؛ بدمزاج اور تند خو عورت ، بالخصوص بیوی ۔

xanthochroid, a. زینتھوکرائڈ ؛ زرد فام ۔ (نسلیات) گورے رنگ اور سنہرے بالوں والی کوہ قافی اقوام کا یا اُن سے متعلق ۔ (اسم) زرد فام شخص ؛ کوہ قافی نسل کا فرد ۔

xanthoma, n. (امراضیات) زینتھوما ؛ ایک جِلدی مرض جس میں چھوٹی چھوٹی زرد رنگ کی ابھری ہوئی چتّیاں یا گلٹیاں سی بن جاتی ہیں خاص طور پر آنکھوں کے پپوٹوں میں ؛ زرد رسولی ۔

xanthomatous, a. زینتھو میٹس ؛ مندرجۂ بالا مرض سے متعلق یا اس میں مبتلا ۔

xanthophyll, xanthophyl, n. (حیاتی کیمیا) زینتھوفل ؛زردیِ برگ ؛ پیلے کیروٹین گروہ کا کوئی ذیلی مادہ خصوصاً رنگ ، جو مرجھائے ہوئے پتوں میں پایا جاتا ہے ؛ صفوری مادہ ۔

xanthophyllous, a. صفوری مادے والا یا اس سے متعلق ۔

x-axis, n. لا محور ۔ (ریاضی) کسی مستوی میں نقاط کا مکانی تعین کرنے کے لیے دو ابعادی کارٹیزی محددی نظام کے دو محوروں میں سے افقی محور ؛ نقاط کا مکانی تعین کرنے والے سہ ابعادی کارٹیزی محددی نظام کے تین محوروں میں سے کوئی ایک محور (بمقابلہ مامحور اور جہ محور) ۔

X-chromosome, n. (جینیات) لالونیہ ؛ ایکس کروموسوم ؛ مادہ خصوصیات کا حامل یا ان سے مخصوص جنسی لونیہ جو مادہ خلیے میں جوڑے کی صورت میں اور نرخلیے میں ایک ما (y) کروموسوم کے ساتھ ہوتا ہے ۔

X-disease, n. (بیطاری امراضیات) فوق قرنیت ؛ ہائپرکیراٹوسس ، سینگوں سے متعلق ایک شدید مرض ۔

xebec, zebec, n. سمبک ؛ قدیم زمانے کا بربر قبیلے کے بحری قزّاقوں کا ایک چھوٹا سا سہ مستولی جہاز جس میں مثلث اور مربع بادبان ہوتے ہیں اور جو آج کل بھی محدود طور پر تجارتی مقاصد کے لیے بحیرۂ روم میں استعمال کیے جاتے ہیں ۔

xenia, n. (نباتیات) زینیا ؛ مخلوط باروری میں زرگل کا جنین کی بجائے زرخیز شدہ بیج یا پھل پر فوری اثر یا نتیجہ ۔

xenodiagnosis, n. (علم ادویہ) جراثیم سے پاک کسی حشرے یا جانور کو جراثیم آلودہ خوراک کھلا کر یہ پڑتال کرنا کہ اس میں جراثیم آلودگی یا مرض تو پیدا نہیں ہو گیا ، اِس قسم کی پڑتال انسانوں میں طفیلیوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے جراثیمی امراض کی شناخت میں کی جاتی ہے ۔

xenodiagnostic, a. درجِ بالا مرض کا یا اس سے متعلق ۔

xenogenesis, xenogeny, n. (حیاتیات) بے میل نسل ؛ ماں باپ سے قطعی طور پر مختلف اولاد کی مفروضہ پیداوار ۔

xenogenetic, xenogenic, a. ماں باپ سے قطعی طور پر مختلف اولاد کی مفروضہ پیداوار کے متعلق ؛ بے میل نسل کا ۔

xenolith, n. (ارضیات) بے میل پتھر ؛ کسی چٹان میں پائے جانے والے وہ ٹکڑے جو اُس چٹان سے متعلق نہ ہوں ۔

xenolithic, a. بے میل پتھروں کا سا ۔

xenon, n. (کیمیا) زینون ؛ فضا میں پایا جانے والا ایک بے رنگ ، بے بُو اور بہت کمیاب گیسی عنصر جو کیمیائی طور پر بے عمل ہے (اِس کی علامت ایکس ای ، ایٹمی نمبر ۵۴ اور ایٹمی وزن ۱۳۱ء۳۰ ہے) ۔

xenophobia, n. غیر ترسی ؛ غیر گریزی ؛ غیر ملکیوں سے نفرت ، حقارت یا اُن پر عدمِ اعتماد جو خاص طور پر خارجہ پالیسی یا سیاسی سوچ میں منعکس ہو ۔ (نفسیات) ناآشنا اشخاص سے غیر معمولی یا مریضانہ حد تک خوف ؛ خوفِ ناآشنائی ۔

xenophobic a. غیر ملکیوں سے نفرت پر مبنی ۔ (نفسیات) خوفِ آشنائی پر مبنی یا اس سے متعلق ؛ غیر گریز ۔

xerarch, a. (ماحولیات) خشک علاقے یا مقام کے لیے فطری ؛ خشک نمو (پودا) ؛ صِفر آبی (نبات) ۔

xeric, a. خشک آب و ہوا سے مناسبت رکھنے والا یا اس سے متعلق ؛ سوکھا پسند ؛ خُشکیا ۔

xerically, adv. خشک آب و ہوا سے مناسبت یا تعلق رکھتے ہوئے ۔

xerography, n. (طباعت) چھاپنے کا ایک کیمیائی طریقہ ؛ ساکن برق سے حسّاس کردہ دھاتی پلیٹ پر منفی بار والے رال کے سفوف کے اطلاق سے عکس کی تشکیل جسے بذریعہ حرارت طباعتی سطح پر اتارا جاسکے ؛ زیروگرافی ؛ خشک ترسیمی ؛ عکس کاری ۔

xerographic, a. زیروگرافی سے متعلق ؛ درجِ بالا مخصوص طریقۂ طباعت سے متعلق ؛ خشک ترسیمی کا ۔

xerographically, adv. زیروگرافی کے طریقے سے ؛ درجِ بالا مخصوص طریقۂ طباعت سے ؛ خشک ترسیمی کے طور پر ۔

xerophilous, a. (حیاتیات) خشک پسند ؛ خشک اور بطور خاص گرم خشک جغرافیائی خطّے میں نشوونما پانے رہنے والے حیوانات اور نباتات ۔

xerophily, n. (حیاتیات) خشک پسندی ؛ بعض حیوانات یا پودوں کا خشک اور بطورِ خاص گرم خشک جغرافیائی خطّوں میں رہنے/نشوونما پانے کا عمل ۔

xerophthalmia, n. رمدِ یابس ؛ حیاتین الف کی کمی سے پیدا ہونے والا آنکھوں کا مرض جس میں آنکھیں خشک اور سرخ ہو جاتی ہیں اور/یا ان میں خارش ہونے لگتی ہے ؛ آشوبِ چشم ۔

xerophthalmic, a. آنکھوں کی خشکی ، سُرخی یا خارش سے متعلق ؛ رمدِ یابس سے متعلق ۔

xerophyte, n. (نباتیات) سوکھا پسند پودا ؛ سخت گرم اور خشک علاقے میں نشوونما پانے والا پودا ؛ خشک نبات ۔

xerophytic, a. خشک نباتی ؛ سخت گرم اور خشک علاقے میں نشوونما پانے والا ؛ سوکھا پسند ۔

xerophytically, adv. خشک نباتی طور پر ؛ سوکھا پسندانہ انداز سے ۔

xerophytism, n. کسی پودے کا سخت گرم اور خشک علاقے میں نشوونما پانے کا عمل ؛سوکھا پسندی ۔

x-height, n. (علم ٹائپ سازی) چھوٹے حرف x کی اُونچائی ۔

xi, n. یونانی حرفِ تہجّی کا چودھواں حرف ؛ انگریزی حرف ایکس X اور x ۔

xiphisternum, n. (تشریح الاعضا) سینے کی ہڈی کا سب سے نچلا حصہ ۔ نیز : xiphoid ۔

xiphoid, a. سینی ؛ خنجری ؛ تلوار نما ۔ (تشریح الاعضاء)

سینے کی ہڈی کے نچلے حصّے سے متعلّق ۔

xiphoid, n. دیکھیے : Xiphisternum ۔

xiphosuran, a. (حیوانیات) زفسورا نسل کے کسی بھی سمندری جانور سے متعلّق ؛ نعل نما کیکڑے سے متعلّق ۔

Xmas, n. کرسمس ؛ یومِ ولادت مسیح (۲۵/دسمبر) ۔

Xray, n. لاشعاع ؛ ایکس رے ؛ حرف x کو ظاہر کرنے کے لیے ایک مواصلاتی لفظ ۔

X-ray astronomy, n. لاشعاعی فلکیات ؛ ہیئتی عمل جو اجرام فلکی سے خارج ہونے والی لاشعاعوں کی تحلیل کے ذریعے کیا جاتا ہے ۔

X-ray photograph, n. لاشعاعی عکس ؛ ایکس رے کے ذریعے اُتری ہوئی تصویر ۔

X-rays, x-rays, n. لاشعاعیں ؛ خُرد طول موج کی بالاتعدد برقناطیسی لہریں جو تیز رفتار برقیوں کے دھاتی ہدف کے ساتھ تصادم سے پیدا ہوتی ہیں ، یہ ٹھوس مادے میں سرایت کر سکتی ہیں ، زندہ نسیجوں کو تباہ کر سکتی ہیں اور فوٹوگراف پلیٹ پر اثرانداز ہو سکتی ہیں ۔ (واحد) ایک لاشعاعی تصویر خصوصاً جو طبی تشخیص میں استعمال ہوتی ہو ۔

X-ray, v.t. ایکس رے اُتارنا ؛ ایکس رے سے جسم کی اندرونی کسی شے مثلاً ہڈی کی تصویر اُتارنا ؛ لاشعاعوں سے معائنہ کرنا یا علاج کرنا (کسی شخص کا) ۔

X-ray star, n. ایک فلکیاتی جِرم مثلاً ستارہ جو ایکس ریز یا لاشعاعیں خارج کرتا ہو ۔

x-ray therapy, n. لاشعاعی علاج ؛ بعض امراض مثلاً سرطان (کینسر) کا لاشعاعوں سے علاج ۔

x-ray tube, n. لاشعاعی نلی ؛ ایک دھاتی ہدف والی خلا نلی جس پر برقیوں کے ٹکراؤ سے لاشعاعیں پیدا ہوتی ہیں ۔

xylan, n. زائی لان ؛ چوبان ؛ پودوں کے خلیوں کے خول اور چوبی ریشوں میں پایا جانے والا پنج کاربنی گوند جو آب پاشیدگی کے عمل سے زائلوس (چوب شکر) بناتا ہے ۔

xylem, n. (نباتیات) چوبی ریشہ ؛ حزمہ قناتی کا وہ حصہ جو چوبی رگوں ، قناتوں اور بافت اصلی خلیوں پر مشتمل ہوتا ہے ، چوبی نسیجوں کی تشکیل کرتا ہے اور پودے کے اندر نمکیات اور پانی کی ترسیل کا کام کرتا ہے ۔ دیکھیے : Phloem ۔

xylem ray, wood ray, n. (نباتیات) چوبی عروق ؛ عروقی نالیاں جو ثانوی چوبی ریشوں کے اندر قطری طور پر پھیلی ہوئی ہوتی ہیں ۔

xylene, xylol, n. زائی لین ؛ زائی لول ؛چوبین ۔ (کیمیا) بنزین سلسلے کے تین ہم ترکیب روغنی بے رنگ ہائیڈروکاربن میں سے کوئی ایک جو زیادہ تر کول تار سے حاصل کیا جاتا ہے اور رنگ بنانے میں تجارتی طورپر استعمال ہوتا ہے ۔

xylic acid, n. (کیمیا)چوبی تیزاب ؛ زائی لین یا زائی لول سے حاصل ہونے والے چھ قلمی یا ہم ترکیب تیزابوں میں سے ایک ؛ زائلک ایسڈ ۔

xylidine, n. (کیمیا) زائیلی ڈین ؛ زائی لین سے ماخوذ چھ ہم ترکیب مرکبّات میں سے کوئی ایک جو اینی لین سے مشابہ ہوتے ہیں ؛ ان میں سے بعض مرکبات کے آمیزے پر مشتمل ایک روغنی سیّال جسے تجارتی طور پر رنگوں کے بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

xylograph, n. نقش چوب ؛ لکڑی پر نقاشی کا کام ؛ چوبی کندہ کاری کا کام ؛ چوبی ٹھپّے سے چھپائی کا عمل ۔

xylographer, n. لکڑی پر نقاشی کرنے والا ؛ چوبی کندہ کار ؛ چوبی ٹھپّے سے چھاپنے والا ۔

xylography, n. چوب کاری ؛ لکڑی پر نقاشی ؛ چوبی کندہ کاری کا فن ؛ لکڑی پر تزئینی مصوری کا ایک طریق ۔

xylographic, xylographical, a. چوب کاری /لکڑی پر نقاشی کے عمل سے متعلّق ؛ چوبی کندہ کاری سے متعلّق ؛ چوبی ٹھپے سے چھپائی کے عمل سے متعلّق ۔

xylographically, adv. چوب کاری کے طور پر ؛ لکڑی پر نقاشی کام کے انداز سے ؛ چوبی کندہ کاری سے مطابقت میں ۔

xylophagous, a. خشب خور ؛ لکڑی میں سوراخ کرنے والا یا لکڑی سے خوراک حاصل کرنے والا ؛ چوب خور مثلاً بعض صدفیے ، فطرات اور لاروے ۔

xylophone, n. زائلوفون ؛ چوبی باجہ ؛ ایک ساز جو ترتیب وار لگی ہوئی درجہ بند لکڑی کی سلاخوں پر مشتمل ہوتا ہے جن پر لکڑی کی چھوٹی سی ہتھوڑی کی ضرب سے آواز پیدا ہوتی ہے ۔

xylophonist, n. چوبی باجہ یا زائلوفون بجانے والا ۔

xylose, n. شکرچوب ۔ (کیمیا) ایک سفید قلمی پنج کاربنی سفوف جسے مکئی کے بھٹوں ، لکڑی یا تنکوں کی تخمیر یا آب پاشیدگی سے حاصل کیا جاتا ہے اور چمڑا کمانے اور دیگر اشیا کے رنگنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

xylotomous, a. خشب تراش ؛ گُھن ؛ لکڑی میں سوراخ کرنے کے قابل یا اِس کی صلاحیت رکھنے والا ، جیسے کہ بعض حشرات ۔

xylotomy, n. چوب تراشی ؛ خُردبینی مطالعے کے لیے مائکروٹوم جیسے آلے سے لکڑی کے مختلف حصّے کاٹنے کا فن ۔

xylotomic, xylotomical, a. خُردبینی مطالعے کے لیے کاٹی گئی لکڑی سے متعلّق ؛ چوب تراشی کا ۔

xylotomist, n. لکڑی کا خُردبینی مطالعہ کرنے والا ؛ ماہرِ چوب ؛ تراش بیں ۔

xyz syndrome, n. لاماجہ روگ ؛ ایک مردانہ خلقی عارضہ (زائد ما لونیے سے متعلق) جو خیال ہے کہ فردمیں سماجی عدم مطابقت، جارحانہ طرز عمل اور بغاوت کا باعث ہوتا ہے ۔

Y

Y, n. انگریزی زبان کے حروف تہجی کا پچیسواں حرف ؛ حرف علّت سے ملتی جلتی آواز ؛ نیم حرف علت ؛ گفتگو میں استعمال ہونے والی y کی آواز ؛ تحریر یا طباعت میں حرف y یا Y کا خاکہ ،

Y یا y سے معین کردہ یا اس حرف کی شکل والی کوئی چیز ؛ اس حرف کی طباعت کے لیے ترسیمی آلہ ۔ (بڑا حرف) (کیمیا) اِٹریم دھات کی علامت ۔ (بڑا حرف) جاپان کے سکے 'ین' کی علامت ۔ (بڑا حرف) (بول چال) وائی ایم سی اے (Y.M.C.A) اور اس طرح کی تنظیموں کی علامت ، جن کے ناموں کا پہلا حرف Y سے شروع ہوتا ہے ۔ (ریاضی) ما ؛ دوسری نامعلوم مقدار ، خصوصاً لا (x) کے ساتھ ملا کر ایک سیٹ بنانے کے لیے مستعمل ؛ ایک معین ۔

yacht, n. یاٹ ؛ ڈونگی ؛ بجرا ؛ بادبانی کشتی ؛ تفریحی کشتی ؛ سیر کشتی ؛ بادبان ، بھاپ یا بجلی کی قوت سے چلائی جانے والی ہلکی تیز کشتی جو عموماً دوڑ ، شکار ، سیروسیاحت وغیرہ کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔ (فعل لازم) بجرے یا کشتی میں مصروف سیر ہونا ، کشتی دوڑ میں شریک ہونا ۔

yachting, n. یاٹ رانی ؛ کشتی رانی ؛ چھوٹی کشتی میں بحری سفر ، سیر یا کھیلوں میں شرکت ؛ جہازرانی یا کشتی رانی کا عمل یا مشق ۔

yachtsman, n. یاٹ ران ؛ بجرے میں سیر کرنے والا ؛ بجرے یا کشتی کا مالک ؛ بجرے یا کشتی کو چلانے والا ؛ کشتی دوڑ میں شریک ہونے والا ۔

yachtsmanship, yatchmanship, n. کشتی رانی کی مہارت ۔

yager, n. جرمن فوجی پلٹن ؛ رائفل پلٹن کا سپاہی ۔ نیز دیکھیے : Jaeger ۔

yagi, yagi antenna, n. یاگی ہوائیہ ؛ یاگی ؛ ٹیلی ویژن یا ریڈیو ہوائیہ (اینٹینا) کی ایک قسم جو ایک افقی موصل اور دوقطبی مجحوز ہوائیے پر مشتمل ہوتی ہے ، جو دونوں ایک ہی مستوی میں متوازی طور پر نصب ہوتے ہیں ۔

yahoo, n. یاہو ؛ وحشی ، غیر مہذب ، گنوار یا جھگڑالو شخص ؛ بن مانس ؛ جنگلی آدمی ؛ اُجڈ ۔

Yahweh, yahve, yahwe, n. یہووہ ؛ اسرائیلی بائبل میں اللہ کا نام ؛ عبرانی زبان میں اللہ تعالیٰ کا نام ، جسے انگریزی میں Jehovah لکھا جاتا ہے ۔ نیز : Jahve, Jahveh, Jahwe, Jahweh ۔

Yahwism, n. یہودیت ؛ قدیم عبرانیوں کا توحید پرستانہ مذہب ۔

Yahwistic, a. یہوویتی ؛ یہووہ کے نام سے مخصوص ، خاص طور پر یہووہ کے مقلدین یا معتقدین کا یا ان سے متعلق جو قدیم عبرانی بائبل کے مصنف تھے ، ایلوہیتی کے برعکس ؛ یہوویت کا یا اس سے متعلق ۔ نیز : Jehovistic ۔

yak, n. یاک ؛ گیاک ؛ سُرا گائے ؛ یغ ؛ خوش گاؤ ؛ تبت کے پہاڑی علاقوں میں پایا جانے والا بڑے اور گٹھے ہُوئے جسم کا پالتو یا جنگلی بیل ، جس کے بال ریشمی اور لمبے ہوتے ہیں ۔

yak, yack, v.i. (عوامی) تیز اور مسلسل بولنا ؛ بلند آواز سے قہقہہ لگانا ۔ (اسم) (عوامی) مسلسل فضول اور بے ہودہ گفتگو ؛ بک بک ؛ دل لگی ؛ ہنسی مذاق ۔

yam, n. ایک قسم کا موٹا میٹھا آلو ؛ رتالو ؛ شکرقند ؛ نشاستہ دار اور مختلف قسموں کی نباتی بیلوں میں سے کسی ایک کی گومڑی دار جڑ ، جو دونوں نصف کرّوں کے زیادہ گرم خطوں میں خوراک کے لیے عام طور پر کاشت کی جاتی ہے ؛ ان پودوں میں سے کوئی ایک ؛ اروی ؛ گھونیاں ؛ کچالو ۔

yamen, yamun, n. یا من ؛ کسی چینی افسر مثلاً ماندرین کی سرکاری اقامت گاہ یا دفتر ؛ چینی سلطنت میں کسی محکمے کا صدر دفتر ۔

yammer, v.i., v.t. (بول چال) چلّانا ، بلند آواز سے رونا یا رو رو کر فریادی ہونا ؛ چیخنا ، دہائی دینا یا فریاد کرنا ؛ بلند آواز سے اور مسلسل بولنا ؛ فریاد کرتے ہوئے کہنا یا بولنا؛ماتم کرنا ؛ شکایت کرنا ۔ (اسم) ماتم کرنے یا فریاد کرنے کا عمل ؛ ماتم گزاری ؛ فریاد کشی ۔

yammerer, n. فریادی ؛ ماتم گسار ۔

yang, n. (چینی فلسفہ) (کبھی کبھی چھوٹے y سے) یانگ ؛ مشترک دوامی کائناتی عمل اور ردعمل میں قدرت کی فعّال نرقوت یا اصول جس کے مظاہر ، ین (Yin) کے مظاہر کے مخالف مگر اُن کا تکملہ کرتے ہیں ۔

yank, v.t., v.i. جھٹکامار کر اُکھاڑ لینا ؛ جھٹک لینا ؛ اچانک اور زور دار جھٹکا دے کر کھینچنا ، کھینچ لینا ؛ اکھاڑ لے جانا ۔ (اسم) اچانک جھٹکّے والی کھینچ ؛ جھٹکا ؛ دھکّا ؛ گھونسا ؛ مُکّا ۔

Yankee, Yank, n. امریکی ؛ یانکی ؛ امریکہ کی شمالی ریاستوں میں سے کسی ایک کا باشندہ یا شہری ؛ امریکی خانہ جنگی میں حصہ لینے والا کوئی سپاہی جو شمالی ریاستوں کا باشندہ ہو؛ امریکا کا کوئی باشندہ یا شہری ۔ (صفت) یانکی کا یا اس کی خصوصیات سے متعلق یا اس کے بارے میں ۔

Yankeedom, Yankeeism, n. امریکیت ؛ امریکیوں کی خصوصیت ؛ امریکی محاورہ ؛ امریکی رسم و رواج ۔

Yankee, n. حرف y کو ظاہر کرنے کے لیے مواصلاتی اشارہ ۔

Yankee Doodle, n. قومی گیت ؛ امریکی انقلاب کے دنوں میں ایک مقبول عام دُھن ، جسے اب امریکی اور قومی دُھن تصور کیا جاتا ہے ۔

yap, v.i. بھونکنا ؛ غرانا ؛ چڑچڑے پن سے بھونکنا ؛ کٹ کھنے پن سے بھونکنا ۔ (بول چال) تنک مزاجی سے یا زور زور سے یا احمقانہ طور پر بولنا ؛ بک بک کرنا ؛ بیکار باتیں بنانا ۔ (فعل متعدی) چڑچڑے پن سے بات کرنا ۔ (اسم) بھونک ؛ بک بک ؛ بھیانک آواز ، غراہٹ ؛ چڑچڑے پن والی بکواس ۔ (بول چال) تنک مزاجی والی پُرشور ، شغب احمقانہ گفتگو ؛ مُنہ /دہن ۔

yapok, yapock, n. یاپوک ؛ جنوبی امریکا کا کیسہ دار مُوش اپنی عادت کے لحاظ سے آبی اور ایک چھوٹے اُودبلاؤ سے مشابہ ۔ نیز : Water opossum ۔

Yarborough, n. تاش کے کھیل وِھسٹ یا برج میں کھلاڑی کا ہاتھ ، جس میں تمام پتے دہلے سے نیچے ہوں ۔

yard, n. گز ، لمبائی کا پیمانہ ؛ دِرعہ ؛ لمبائی کا برطانوی اور امریکی معیاری پیمانہ جو تین فٹ یا ۳۶ انچ کے برابر یا ۹۱۴۴ء میٹر کے برابر ہوتا ہے ۔ مخفف: yd یا y. ۔ (جہازرانی) بحری جہاز میں ایک لمبا بیلن نما لکڑی کا ٹکڑا ، جو مستول کے ساتھ آڑے انداز میں لگایا جاتا ہے اور بادبان کو سہارا دیتا اور اسے پھیلائے رکھتا ہے ؛ پال پھیلانے کی ڈنڈی ۔

yard, n. آنگن ؛ احاطہ ؛ چوک ؛ باڑا ؛ صحن ؛ کسی مکان یا عمارت سے ملحق یا اس کے اردگرد کی زمین ؛ صحن یا گھر سے باہر کوئی رقبہ ، اکثر پختہ ، جس کے نزدیک یا اردگرد کوئی عمارت ہو ؛ بیرونی احاطہ دار رقبہ جو مکینوں اور طالب علموں وغیرہ کے استعمال کے لیے ہو ؛ ایسا احاطے والا رقبہ جس کے اردگرد عمارتیں بنی ہوئی ہوں (جیسے : Campus yard.) ؛ احاطے والا رقبہ جسے جانوروں کے لیے

استعمال کیا جائے (جیسے : a poultry yard) ؛ احاطہ دار رقبہ ، جس میں کوئی کام یا کاروبار انجام دیا جائے (جیسے : a ship yard) ؛ گھر سے باہر جائے ذخیرہ یا میدان اجتماع ؛ عمارتوں سے گھرا ہُوا یا ان سے ملحق قطعۂ اراضی جو کسی خاص کام کے لیے مخصوص ہو ؛ ریلوے اسٹیشن سے متصل ریل کی پٹڑیوں کا علاقہ جہاں گاڑیوں کی چھانٹی کی جاتی ہے اور انھیں سفر پر روانگی کے لیے تیار کیا جاتا ہے ؛ گھر سے باہر کا رقبہ جو باغ کے طور استعمال ہوتا ہو ؛ چراگاہ موسم سرما ؛ سبزہ زار (برائے ہرن و مویشیان) ۔ (فعل متعدی) صحن میں رکھنا یا صحن میں بند کرنا ۔ (فعل لازم) صحن میں جمع ہونا ۔

the yard, اسکاٹ لینڈ یارڈ ؛ لندن کی خفیہ پولیس کا دفتر ۔

yardage, n. ریلوے اسٹیشن پر مویشیوں کو ریل کے ڈبّے میں چڑھانے اور ڈبّے سے اُتارنے کے لیے احاطے یا یارڈ کا استعمال ؛ محصول جو اس کے لیے ادا کیا جاتا ہے ؛ مویشی باڑے میں مویشی رکھنے کا حق ۔

yardage, n. گزوں میں پیمایش یا ناپی جانے والی مقدار ۔

yardarm, n. (جہاز رانی) چوکور بادبان کی لکڑی کا کوئی سرا ؛ سہارے کی بَلّی کے دونوں سِروں میں سے کوئی سِرا ۔

yardbird, n. (عوامی) فوج میں نووارد ؛ نیا بھرتی شدہ فوجی ؛ مسلح افواج کا ملازم یا فوجی جو نااہل ، اناڑی یا نکمّا ہو یا سزا بھگت رہا ہو ؛ سزا یافتہ قیدی ۔

yardgoods, n. پارچہ جات اور دیگر سامان ، جو ریلوے گودام کی طرف سے فروخت ہوں یا کیے جائیں ۔ نیز : piece goods ۔

yardgrass, n. صحنی گھاس ؛ معمولی نوعیت کی کانٹے دار گھاس جو ایک سال تک ہری رہتی ہے اور صحنوں اور کھیتوں میں عام ہوتی ہے ۔

yardman, n. یارڈ مین ؛ کسی یارڈ میں کام کرنے والا یا ملازمت کرنے والا ، جیسے ریلوے یارڈ یا کشتی یارڈ میں ؛ یارڈ مزدور ۔

yardmaster, n. یارڈ ماسٹر ؛ ریلوے یارڈ کا نگراں شخص ۔

yardstick, n. گز کا پیمانہ ؛ گز ؛ ایک گز لمبی چھڑی یا لکڑی ، جس پر عموماً ذیلی پیمانوں کے نشانات لگے ہوتے ہیں اور جو پیمایش کے لیے مستعمل ہے ؛ پیمایش کا کوئی معیار ۔

yare, yar, a. تیز ؛ سریع ؛ پتوار کا جلد ردّ عمل ظاہر کرنے والا جیسے بحری جہاز ۔ (قدیم) تیار یا تیار شدہ ۔

yarely, adv. تیزی سے ؛ سرعت سے ۔

yarkmulke, yarmelke, yarmulkah, n. کلاہ مقدّس ؛ کلاہِ عبادت ؛ سر پر پہننے والی ٹوپی ، جسے راسخ العقیدہ ، قدیم روایت پسند اور ضابطہ پسند یہودی مرد مذہبی عبادات یا متبرک نوشتوں کے مطالعہ کے وقت یا ایسے مواقع پر پہنتے ہیں جب انھیں مذہبی رسومات میں نمائندگی کے لیے بلایا جاتا ہے ۔

yarn, n. ڈورا ؛ تاگا ؛ سُوت ؛ تار ؛ لڑی ؛ اون یا دیگر ریشہ دار مادے سے کاتا ہوا دھاگا ، خصوصاً وہ دھاگا جو بُننے یا کشیدہ کاری کے لیے تیار کیا جاتا ہے ؛ ڈھیلے انداز میں بل دیے ہوئے ریشوں کے گچھے کی شکل میں دھاگا ، جیسے پٹ سن جس سے رسّا بنایا جاتا ہے ؛ پلاسٹک ، دھات ، ریشم اور اس طرح کے مادے سے بنا ہُوا دھاگا ، جس کے مختلف ریشوں کو بٹ کر ڈوری سی بنالی جاتی ہے ۔ (بول چال) مہم جوئی کی داستان ؛ غیر معمولی واقعات اور اس طرح کے موضوعات کی کہانیاں ، خصوصاً بعیداز قیاس کہانیاں ؛ قصہ ، کہانی ، گپ ۔ (بول چال) (فعل لازم) فرضی قصے گھڑنا ؛ کہانیاں بیان کرنا ۔

yarn-dyed, a. (پارچہ بافی) بُننے سے پہلے سوت کی رنگائی سے متعلق ، تھان رنگنے سے متمیز ۔

yarrow, n. یَیرو ؛ بُومادران ؛ حُزنبل ؛ یورپ اور شمالی امریکا کا ایک عام سدا بہار پودا ، اَچلّی مِل فولیم ، جس کے پتّے الگ الگ پھول سفید اور خوشبو تیز ہوتی ہے ؛ اسی نوع کی نباتات میں سے کوئی پودا ۔ نیز دیکھیے : milfoil ۔

yashmak, yashmac, yasmak, n. [عربی] یشمک ؛ چہرے کو چھپانے کے لیے ایک موٹا یا دوہرا نقاب ، جسے مسلمان عورتیں گھر سے باہر نکلتے وقت چہرہ ڈھانپنے کے لیے پہنتی ہیں ۔

yataghan, yatagan, ataghan, n. [ترکی] یتاغان ؛ تیغا ؛ ترکی خنجر یا تلوار ، جس کا پھل دوہرے طور پرمڑا ہوتا ہے اور دستے پر کوئی حفاظتی آڑ نہیں ہوتی ؛ دو دھاری تیغا ۔

yaupon, yapon, n. ژاپن؛ راج نوع کی جھاڑیوں میں سے ایک لمبی جھاڑی ، جو امریکا کے جنوبی حصے میں خودرو ہوتی ہے اور جس کے پتے چائے اور دوائیں بنانے میں استعمال ہوتے تھے ۔

yaw, v.i. (جہاز رانی) غیر مستقل حرکت کرنا ؛ لڑکھڑانا ؛ راستے سے ہٹ جانا ؛ راستے سے بے مہار انحراف کرنا ، جیسے بحری جہاز کا ۔ (طیرانیات) عمودی محور کے گرد گھومتے ہوئے راستے سے ہٹ جانا ، جیسے طیارے یا راکٹ وغیرہ کا ۔ (فعل متعدی) عمودی محور کے گرد چکر لگرانا ۔ (اسم) یا ؛ پھیر ؛ انحراف ؛ بحری جہاز کا راستے سے اچانک انحراف ؛ کسی طیارے ، راکٹ یا اس طرح کی کسی چیز کی عمودی محور کے گرد گردشی حرکت ؛ ایسی حرکت یا اس کے انحرافی زاویے کی مقدار ۔

yawl, n. دو مستولی بادبانی کشتی ؛ بحری جہاز کی چھوٹی کشتی ، جس کے عموماً چار یا چھ چپّو ہوتے ہیں ؛ دو مستولوں والی بادبانی کشتی جس کا پیچھے کا مستول اگلے بڑے مستول سے بہت چھوٹا ہوتا ہے ؛ مچھلی پکڑنے کی کشتی ؛ مچھوا ۔

yawn, yan, v.i. جمائی لینا ؛ منھ کھلا ہُوا ہونا ؛ کُھلا ہونا یا پھیلا ہونا ، مُنھ کا ؛ پھٹ جانا ؛ چوڑی دراڑ پڑ جانا ؛ اونگھ یا بے کیفی کی وجہ سے ایک لمبے سانس کے ساتھ خودبخود منھ کھل جانا ؛ کھلا ہُوا رہنا ، جیسے شگاف ، خلیج اور اس طرح کی دیگر اشیا کا ۔ (فعل متعدی) جمائی لیتے ہوئے کچھ کہنا یا ظاہر کرنا ؛ مُنھ کھولنا ؛ مُنھ پھیلانا ؛ مُنھ پھاڑنا ؛ خواہش کرنا ۔ (اسم) جمائی ؛ جماہی ؛ اونگھ کی وجہ سے منھ کا خودبخود کھل جانے کا عمل ؛ کھلی گہرائی یا شگاف ؛ موکھا ۔

yawner, n. جمائی لینے والا ۔

yawning, a. کُھلا ہُوا ؛ شگاف یا دراڑ والا ؛ جمائی لے کر بوریت یا تھکاوٹ ظاہر کرتے ہوئے ۔

yawp, yaup, v.i. (بول چال) بلند اور کرخت چیخ یا آواز سے بولنا یا پکارنا ؛ بھونکنا ، چلانا ۔ (عوامی) شورمچا کر اور احمقانہ انداز میں بولنا ۔ (اسم) (بول چال) ایک پُر شور چیخ ؛ کوئی کرخت یا بھرائی ہُوئی آواز ۔ (عوامی) پرشور اور بے وقوفانہ گفتگو ۔

yawper, yawping, n. چیخنے چلانے والا ؛ شورو شغب کرنے والا ؛ شور بھری گفتگو کرنے والا ۔

yaws, n. (امراضیات) فرامبیزیا ؛ رس بھری ؛ یاز ؛ منطقہ حارہ کی ایک متعدی بیماری جو ایک اسپرنگ نما بکٹیریا کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور جس میں رس بھری کی مانند گلٹیاں نکل آتی ہیں ۔ نیز دیکھیے : framebesia ۔

y-axis, (ریاضی) مامحور ؛ معین ؛ دوابعادی کارٹیزی محددی نظام میں کسی مستوی میں نقاط کا تعین کرنے والے دو محوروں میں سے عمودی محور ؛ سہ ابعادی کارٹیزی نظام میں نقاط کا تعین کرنے والے تین محوروں میں سے ایک محور ؛ موازنہ کیجیے : x-axis ' Z-axis ۔

Y-chromosome, n. (جینیات) مالونیہ ؛ جنسی کروموسوم جو مذکر خصوصیات کا حامل ہوتا ہے یا ان سے تعلق رکھتا ہے اور مردوں میں ایک X کروموسوم کے ساتھ ہوتا ہے ۔

ye, pron. آپ لوگ ؛ تُم ۔ (قدیم) thou کی جمع ؛ حالتِ فاعلی میں واحد مخاطب (جیسے : Are ye one of us?) ۔ (قدیم) حالتِ مفعولی میں مخاطب واحد یا جمع (جیسے : Lo, the days of joy have come to ye.) ۔

ye, def. art. (قدیم) the کی تحریری یا مطبوعہ صورت (جیسے : Ye Olde Pub.) ۔

yea, adv. ہاں ؛ صرف زبانی رائے دہندگی کے دوران توثیق یا منظوری کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (قدیم) یقیناً یا فی الواقع/حقّا ؛ کوئی فقرہ یا جملہ شروع کرتے وقت مستعمل ہے ؛ البتہ ؛ نہ صرف ایسے بلکہ ؛ کسی ایسی چیز کا اضافہ کرنے کے لیے مستعمل ہے جو شدت اور قوت پیدا کرے ۔ (اسم) مثبت جواب یا رائے ؛ وہ جو مثبت رائے دے ؛ اقرار ؛ ہامی ۔

yean, v.t., v.i. جننا یا بچہ دینا ، جیسے بکری یا بھیڑ کا ؛ بھیڑ بکری کا بیانا ۔

yeanling, n. بُزغالہ ؛ برّہ ؛ میمنا ۔ (صفت) بھیڑ یا بکری کے بچے کے متعلق ۔

year, calender year, n. سال ؛ برس ؛ سن ؛ سورج کے گرد زمین کی گردش کا دورانیہ جو ۳۶۵ یا ۳۶۶ دنوں پر محیط اور ۱۲ تقویمی مہینوں میں منقسم ہوتا ہے اور اب یکم جنوری سے شروع ہو کر ۳۱ دسمبر تک تصور کیا جاتا ہے ؛ تقویمی سال ؛ دوسری تقویموں میں اسی لمبائی کا دورانیہ ؛ وقت کے کسی نقطے سے بارہ تقویمی مہینوں کا شمار کردہ عرصہ (جیسے : to be gone a year) ؛ بارہ قمری مہینوں پر مشتمل عرصہ ۔ نیز: lunar year ۔ سورج کا بظاہر بیضوے کے گرد ایک چکر کا دورانیہ جو ۳۶۵ دن ، ۵ گھنٹے ، ۴۸ منٹ اور ۴۶ سیکنڈ کے برابر ہوتا ہے ۔ نیز : astronomical year, solar year ، tropical year ۔ سورج کے گرد زمینی گردش کا صحیح عرصہ فلکی سال سے تقریباً ۲۰ منٹ زیادہ لمبا ہوتا ہے ، جس کی وجہ سورج کا کسی خاص سیارے سے بظاہر سفر کا آغاز کرنا اور اس تک واپس آنا ہوتا ہے ۔ نیز : sidereal year ۔ وُہ عرصہ جس میں کوئی سیارہ سورج کے گرد اپنی گردش مکمل کرتا ہے (جیسے : the jupiter year) ؛ وُہ عرصہ جو ہر بارہ مہینوں میں سے کسی خاص کام پر صرف کیا جائے (جیسے : an academic year) ۔ (جمع) عمر ، سن و سال (جیسے : big for one's years) ؛ بڑھاپا ؛ کہن سالی (جیسے : A man of years) ۔

young for his years, باوجود زیادہ عمر کے جوان معلوم ہونا ۔

A year and a day, (قانون) ایک سال اور ایک روز کی مدت ، جو اکثر قانونی معاملات میں مقرر کی جاتی ہے ، جس میں پورا ایک سال شمار کیا جاتا ہے ، خواہ طریق شمار کوئی بھی اختیار کیا جائے ۔

year by year, سال بہ سال یا ہر سال ۔

year in, year out, ہر سال کے شروع سے آخر تک ؛ سال بھر ؛ ہمیشہ ۔

year book, n. سالنامہ ؛ سالانہ کتاب ؛ جنتری ؛ ایک کتاب ، جس میں سال بھر کے واقعات ، موسم ، تہوار ، تاریخیں اور اس طرح کے کوائف درج ہوتے ہیں (جیسے : a high school year book.) ؛ ایک کتاب جو ہر سال شائع کی جاتی ہے اور اس کے ہر شمارے میں نئی یا مزید عام اور خصوصی نوعیت کی ایسی معلومات شامل کی جاتی ہیں جن کا تعلق گزشتہ سال یا آنے والے سال سے ہوتا ہے ۔

yearling, n. یک سالہ جانور ؛ وُہ جانور جس کی عمر ایک سال سے زیادہ مگر دوسال سے کم ہو ؛ گھوڑے کا بچہ جو سال پیدایش کی پہلی جنوری سے ایک سال کی عمر کا ہو ۔ (صفت) ایک سالہ ۔

year long, a. سال بھر کا ؛ جو ایک سال تک جاری یا باقی یا قائم رہے ۔

yearly, a. سالانہ ؛ ہرسال ؛ سال میں ایک بار ؛ ایک سال سے متعلق یا ہرسال سے متعلق ؛ سال میں ایک دفعہ یا ہرسال کیا جانے والا ، بنایا جانے والا ، واقع ہونے والا ، ظہور پذیر ہونے والا یا آنے والا (جیسے : a yearly trip) ؛ ایک سال تک جاری رہنے والا ؛ محض ایک سال تک رہنے والا ۔ (متعلق فعل) سال میں ایک دفعہ ، سالانہ طور پر ، ہر سال ۔

yearn, v.i. شدید خواہش ہونا ؛ تڑپنا ؛ چاہنا ؛ سرگرم ، خواہش سے بھرپور ہونا ؛ بے حد اشتیاق ہونا ؛ چاہت سے بے چین ہونا ؛ دلی آرزو ہونا ۔

yearner, n. اشتیاق رکھنے والا ۔

yearning, n. اشتیاق ، آرزو ؛ دلی خواہش ؛ چاہ ؛ تمنا ۔

yearingly, adv. اشتیاق سے یا آرزو کے ساتھ ۔

year-round, a. سال بھر؛ پورے سال تک جاری رہنے والا ، باقی رہنے والا یا برسرِ عمل رہنے والا (جیسے : a resort open year-round) ۔

yeast, n. خمیر ؛ خمیرمایہ ؛ سفوف خمیر ؛ ایک زردی مائل اور کسی قدر لیس دار نیم سیال مادہ ، جو باریک سماروغ کے خلیات کے ذخیرے پر مشتمل ہوتا ہے ، خصوصاً وہ مادہ جو میٹھے سیال ، مثلاً پھلوں کے رس میں پایا جاتا ہے ، یہ مادہ الکوحلی مائعات ، خاص طور پر بیئر بنانے کے لیے خمیر اُٹھاتا ہے اور ڈبل روٹی کو نرم اور اسفنج نما بنانے کے لیے خمیر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ جھاگ یا کف ؛ جھاگ دار مواد ؛ تخمیر یا ہیجان ۔ (فعل لازم) سڑانا ؛ خمیر اُٹھانا ؛ پھین بنانا ؛ جھاگ اُٹھانا ۔

yeast cake, n. خمیری کیک ؛ خمیر کے خلیات اور نشاستہ کا ٹھوس مرکب ، جو پکانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

yeasty, a. تخمیری ؛ خمیر دار ؛ خمیر پر مشتمل ، اس سے متعلق یا خمیر کی مانند ؛ پُرہیجان ؛ جھاگ دار یا کف دار (جیسے : yeasty wares) ؛ پُراضطراب ؛ بے مغز ؛ ہلکا ؛ معمولی یا سطحی/بیہودہ ؛ چھچھورا ؛ فضول گو ۔

yegg, yeg, yeggman, n. (عوامی) نقب زن ؛ تجوری توڑ ؛ چور ، خصوصاً سفری چور ۔

yell v.i. زوردار ، بلند اور صاف آواز میں چلاّنا ؛ درد ، خوف ، غصے وغیرہ میں چیخنا اور بلبلانا ؛ غل مچانا ؛ خوش ہونا ؛ چیخ اٹھنا ؛ بلبلا اٹھنا ۔ (فعل متعدی) چیخ کر کچھ کہنا یا پکارنا ۔ (اسم) زور دار چیخ ؛ گرج ؛ چیخم دھاڑ ؛ چل پکار ؛ خاص اور مقررہ الفاظ یا آواز میں گیت ، نعرہ یا پکار ، جو طلبہ یا کسی اور گروہ کے افراد کھیلوں اور مقابلوں میں اپنے ساتھیوں کی ہمت بڑھانے کے لیے بلند کرتے ہیں ۔

yellow, a. زرد ؛ بسنتی ؛ اصفر ؛ پیلا ؛ سونے ، مکھن یا لیموں کی طرح چمکدار رنگ کا ؛ منگولوں کی طرح زرد جلد کی خصوصیت کا حامل ؛ منگول نسل سے متعلق یا اس کا مظہر ؛ یرقان زدہ ۔ (بول چال) بزدل (جیسے : A man with a yellow streak.) ؛ ڈرپوک ؛ کمینہ ؛ سنسنی خیز ، خصوصاً غیر صحت مندانہ اور جارحانہ طور پر سنسنی خیز (جیسے : yellow journalism) ۔ (اسم) طیف میں نارنجی اور سبز رنگ کے مابین زرد رنگ ؛ زرد رنگ یا روغن ؛ انڈے کی زردی ؛ پیلا پن ؛ پیلا یا سنہری رنگ ۔ (جمع) (نباتیات) پودوں کی بیماریوں کی ایک قسم ، جس کے نتیجے میں پودے کی نشوونما رُک جاتی ہے اور پتے زرد ہو جاتے ہیں ۔ (جمع) یرقان ۔ (فعل متعدی و لازم) زرد بنانا یا زرد بننا ؛ پیلا کرنا یا پیلا ہونا ؛ پکنا ۔

yellowish, a. پیلا سا ؛ زردی مائل ۔

yellow alert, n. (عسکری) پہلی اطلاع ؛ اوّلین انتباہ جب دشمن کے ہوائی جہاز زیر دفاع علاقے پر پہنچ جائیں یا اس طرف آرہے ہوں ۔

yellow bird, n. زرد چڑیا ؛ صُفاریہ ؛ پیلک ؛ زرد رنگ کا سُریلی آواز سے چہچہانے والا پرندہ یا سنہری چڑیا ۔

yellow daisy, n. زرد سوسن ؛ سیاہ آنکھوں والی سوسن ۔

yellow-dog contract, n. ایک معاہدہ (جو اب خلافِ قانون ہے) ، جس کے ذریعے کوئی آجر دوران ملازمت اجیر کو یونین کی رکنیت ترک کرنے کی شرط پر ملازم رکھ سکتا تھا ۔

yellow fever, yellow jack, n. (امراضیات) زرد بخار ؛ تپِ زرد ؛ محرقۂ یرقانی ؛ گرم آب و ہوا میں ہونے والا ایک سخت ، خطرناک اور اکثر مہلک متعدی مرض ، جو مچھر کے کاٹنے سے لاحق ہوتا ہے اور جس میں انسان کو یرقان ، قے ، جریان خون اور بخار ہو جاتا ہے ۔

yellow fever mosquito, n. ایک گہرے رنگ اور ننھی سی جسامت کا مچھر ، جو ڈنگو بخار اور زرد بخار کے جراثیم کا حامل ہوتا ہے اور انھیں ایک انسان سے دوسرے انسان تک پہنچاتا ہے ۔

yellow-green alga, n. زردی مائل سبز یا بھورے رنگ کے زرد برگا (Chrysophyta) آبی پودے کی مختلف قسموں میں سے کوئی ایک ۔

yellow hammer, n. برقش ؛ سہرۂ زرد ؛ پلچڑی ؛ ایک یورپی چھوٹی چڑیا ، جس کا نرچمکدار زرد رنگ کا ہوتا ہے ۔ (بول چال) ہُد ہُد زریّں ؛ شمالی امریکا کا کولپٹاس اوراٹس (Colaptes auratus)۔

yellow jack, n. (امراضیات) زرد بخار ؛ محرقۂ یرقانی ؛ قرنطینہ والے بحری جہازوں پر لہرایا جانے والا جھنڈا ؛ ایک اسکاڈ قسم کی مچھلی جو فلوریڈا اور جزائر غرب الہند میں پائی جاتی ہے ۔

yellow jacket, n. ایک قسم کی چھوٹی سی گروہ پسند بھڑ ، جس پر زردرنگ کی دھاریاں یا لکیریں ہوتی ہیں اور عموماً زمین میں انڈے دیتی ہے ؛ زرد قبا ؛ ملک چین کا شاہی لباس ؛ خلعتِ فاخرہ جو عزّت افزائی کے لیے دی جاتی تھی ۔

yellow jasmine, n. زرد چنبیلی دیکھیے : Gelsemium ۔

yellowlegs, greater yellow legs, lesser yellow legs, n. (طیوریات) (جمع لیکن ترکیب کے لحاظ سے واحد) شمالی امریکا کا ایک پرندہ جو مرطوب ریتلے مقامات میں رہتا ہے اور جس کی لمبی چمکدار زردرنگ کی ٹانگیں ہوتی ہیں ؛ اسی قسم کا چھوٹا پرندہ ۔

yellow peril, n. زرد خطرہ ؛ ایک فرضی خطرہ کہ بھاری تعداد میں زرد نسل کے افراد سفید نسل پر اور عموماً مغربی تہذیب پر غالب آجائیں گے ؛ یہ خطرہ کہ ایک دن زرد رنگ اقوام گوری اقوام پر یا دنیا پر اپنا تسلّط جمالیں گی ؛ زرد نسل ایسے خطرے کی علامت کے طور پر ۔

yellow pine, n. زرد صنوبر ؛ شمالی امریکہ کے صنوبری قسم کے مختلف درختوں میں سے کوئی ایک ، جس سے عمارتی لکڑی اور دیگر مفید اشیا حاصل ہوتی ہیں ؛ وہ لکڑی جو اس درخت سے ملتی ہے ۔

yellow poplar, n. دیکھیے : Tulip tree ۔

yellow spot, n. (تشریح الاعضا) آنکھ کی پتلی کے بالمقابل آنکھ کے پردے پر زردی مائل چھوٹا سا گول حصہ ؛ آنکھ کے شبکۂ اوّل میں وہ نقطہ جہاں نظر سب سے تیز ہوتی ہے ؛ زرد نقطہ ؛ خطۂ اصفر ۔

yellow streak, n. بزدلی بطور امتیازی وصف ۔

yellow-tail, yellowtail snapper, n. کیلے فورنیا کے ساحل پر زرد دُمی کوئی مچھلی جیسے اسکاڈ مچھلی یا راک مچھلی ؛ ایک مگرمچھ ؛ کاٹ کر دو ٹکڑے کرنے والا آلہ ۔

yellow tailed, a. زرد دم والا ۔

yellowthroat, n. زرد گلو ؛ شمالی امریکا کے گانے والے پرندوں میں سے کوئی ایک ، جن کی گردن کا رنگ زرد ہوتا ہے ۔

yellow throated, a. زرد گلو والا یا اس سے متعلق ۔

yellow warbler, n. زرد مغنّی ؛ امریکا کا ایک چھوٹا سا گانے والا پرندہ ، جس کے نر کے بال و پر کا رنگ زرد چمکیلا ہوتا ہے اور اس کے زیریں حصوں پر بھورے رنگ کی دھاریاں ہوتی ہیں ۔

yellow-weed, n. نرائی ؛ تُلسی ؛ چھڑی کی مانند تنے اور شوخ زرد رنگ کے پھولوں والے پودوں میں سے کوئی کھردری نوعیت کا پودا ؛ ایک یورپی نوع کا درخت جس کے پھول زرد ہوتے ہیں ؛ ایک پودا جس سے زرد رنگ نکلتا ہے ؛ نرائی کا پودا ۔

yellow-wood, n. چوب زرد ؛ زرد لکڑی ؛ سخت زرد رنگ کی لکڑی ؛ 'کلیڈریٹس لوٹیا' نوع کا ایک پھلی دار درخت جو مقامی طور پر امریکا کے جنوبی علاقوں میں پایا جاتا ہے ، اس کے سفید خوشنما پھول ہوتے ہیں اور اس سے زرد رنگ حاصل ہوتا ہے ؛ چوبِ زرد کا درخت اس طرح کا کوئی اور درخت جو جنوبی فلوریڈا اور اس کے قریبی علاقوں میں پایا جاتا ہے ؛ کوئی بھی درخت جس سے زرد رنگ کی لکڑی حاصل ہو ۔

yelp, v.i. تیز اور باریک آواز میں چلاّنا جیسے کتوں اور لومڑیوں وغیرہ کی طرح؛تیز آواز میں بلانا یا چیخنا ، جیسے شدید حیرت ، تکلیف یا اضطراب سے ۔ (فعل متعدی) بھونک کر شور مچانا یا اظہار کرنا ۔ (اسم) تیز ، باریک بھونک یا چیخ ۔

yelper, n. تیز بھونکنے والا کتّا ۔

yen, n. ین ؛ جاپانی سکّہ ۔ (بول چال) شدید خواہش یا آرزو ؛ طلب یا ضرورت ۔ (فعل لازم) (بول چال) خواہش ہونا ؛ آرزو مند یا خواستگار ہونا ؛ بے حد مشتاق ہونا ؛ ملتجی یا ملتمس ہونا ۔

yeoman, n. زمیندار ؛ مُعافی دار ؛ مال گزار ؛ داروغہ ؛ بحریہ میں ایک (چھوٹا) افسر ؛ رضاکار رسالے کا سپاہی ۔ (برطانوی) چھوٹا مالک اراضی جو اپنی اراضی خود کاشت کرتا ہو ؛ سابقاً شاہی خاندان یا کسی بڑے گھرانے کا نوکر، ملازم یا ماتحت افسر ؛ ماتحت یا معاون جیسے شیرف یا کسی اہل حرفہ یا اہل پیشہ میں کوئی دیگر افسر ۔ (تاریخ) چھوٹا معافی دار ، چھوٹے خود کاشت زمینداروں کا طبقہ جن کا شمار اشراف طبقہ کے بعد ہوتا ہے اور جنھیں شروع ہی میں انگلستان میں سیاسی حقوق مل گئے تھے ؛ وہ شخص جو ۴۰ شلنگ سالانہ کی معافی کی زمین کا مالک ہونے کی حیثیت سے جیوری کا ممبر بننے اور ضلع کے انتخابات میں رائے دینے کا حق رکھتا ہو ۔

yeomanly, a. معافی داروں ، کاشتکاروں یا چھوٹے زمینداروں کی طرح اور ان سے مشابہ ، ان کی مانند اور ان سے متعلق یا ان کے شایان شان ۔ (متعلق فعل) چھوٹے زمینداروں کی طرح سے ؛ بہادرانہ ۔

yeoman of the guard, n. انگریز حکمرانوں کے اس محافظ دستے کا رکن جو سو ارکان پر مشتمل ٹیوڈر عہد کی وردی پہنے ، تبر، نیزہ سے آراستہ ، شاہی آداب و رسوم بجا لاتا ہے ؛لندن ٹاور کا نگران سپاہی ۔

yeomanry, n. معافی داروں ، کاشتکاروں یا چھوٹے زمینداروں کی جماعت ؛ زراعت پیشہ طبقہ ؛ گروہ خُردہ مالکان ۔ (برطانوی) رضا کار سواروں کی فوج جو زراعت پیشہ آبادی سے بھرتی کی جاتی تھی اور ۱۷۶۱ء میں داخلی دفاع کے لیے منظم کی گئی تھی اور بعدازاں علاقائی فوج کا ایک حصہ بن گئی ۔

yeoman's service, yeoman service, n. مخلصانہ امداد ؛ بوقت ضرورت مدد ؛ بہتر ، مفید یا اہم قسم کی خدمت ۔

yerbamate, n. (نباتیات) جوڑا ، نریا مادہ ؛ یربا ماٹے ؛ ماٹے بُوٹی ۔

yes, adv. اچھا ؛ ہاں ؛ جی ؛ بلے ؛ ہُوں ؛ اتفاق یا رضا مندی ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے ؛ no کی ضد (جیسے : yes, I will go) ؛ کسی ماقبل منفی درخواست یا بیان کی تردید کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : ! He did not go there. oh, yes he did) ؛ عموماً شک ، ہچکچاہٹ اور تجسّس کے اظہار کے لیے استفہامی طور پر استعمال کیا جاتا ہے (جیسے :? yes? who's there? what is more) ؛ علاوہ ازیں (جیسے : the painting is good, yes, very good) ۔ (اسم) (جمع yeses)، مثبت‌رضا مندی ؛ ہاں ۔

yeshiva, yeshivah, n. (عبرانی) یہودی تعلیمی ادارہ ، جیسے راسخ العقیدہ افراد کی درسگاہ ؛ مدرسہ برائے مطالعۂ تالمود یا ایسا اسکول جس میں دنیوی اور دینی دونوں قسم کے مضامین پڑھائے جاتے ہیں ۔

yes man, n. خوشامدی ؛ جی حضوریا ؛ ہاں میں ہاں ملانے والا ۔ (بول چال) ماتحت جو منظور نظر بننے کے لیے اپنے افسروں کی ہر رائے یا تجویز سے متفق ہو یا اس کی حمایت کرے ؛ چاپلوس ۔

yester, a. کل کا ؛ آج کے دن سے عین قبل کے دن کا ۔ (قدیم) آج سے پہلے گزرے ہوئے دن سے متعلق ۔

yesterday, n. روز گزشتہ ؛ دیروز ؛ گزشتہ کل ؛ آج کے دن سے عین پہلے کا دن ؛ وقت جسے گزرے زیادہ دیر نہ ہُوئی ہو ۔ (صفت ، متعلق فعل) کل کو ؛ کل کے دن ؛ کل ۔

yester year, n. پچھلا سال ؛ گزشتہ سال ؛ سابقہ سال ؛ تازہ گزرا ہُوا ماضی ؛ ماضی قریب ۔ (متعلق فعل) پچھلے سال ؛ گزرے ہوئے سال کے دوران ۔

yet, adv. ابھی ؛ باوجود ایں ؛ تاہم ؛ ماسوا ؛ اور زیادہ ؛ تاحال ؛ اب بھی؛ہنوز (جیسے : while yet young) ؛ ابھی تک ؛ اب تک (اکثر اس کے ساتھ as لگایا جاتا ہے ، جیسے : I have not met him as yet) ؛ کسی آئندہ وقت پر یا اس سے قبل ؛ سب کچھ کیے جانے سے پہلے (جیسے : He'll suffer yet) ؛ ابھی ، خصوصاً متقابل کے ساتھ مستعمل ہے (جیسے : Yet more surprising)؛علاوہ ازیں ؛ مزید برآں ؛ مزید ؛ باوجود اس کے ؛ باوجودیکہ ؛ پھر بھی ؛ اس پر بھی ۔ (عطف) لیکن ؛ باوجودیکہ ؛ گوکہ ؛ مگر ؛ پَر ؛ اِلّا ؛ باوجود اس امر کے ؛ تاہم ، پھر بھی (جیسے : He looks fine, yet he is not well) ۔

yeti, n. برفانس ؛ بدصورت اور مکروہ برفیلا انسان ۔

yew, n. یئو ؛ رَکَھل ؛ صُوَر ؛ برمی ؛ سُرخدار ؛ درخت صنوبر ؛ پرانی دینا کا درمیانی اونچائی کا سدا بہار درخت جس کے پتے گھنے اور سیاہ ہوتے ہیں ؛ اس درخت کی باریک پرت کی لچک دار لکڑی ؛ یئو کی لکڑی ؛ اس لکڑی کی بنی ہوئی کمان ۔

Ygdrasil, Yggdrasill, Yggdrasil, n. (ناروی اساطیری) ایک عظیم جنگلی درخت ، جو اپنی شاخوں اور جڑوں سے کائنات کو ایک جگہ باندھے رکھتا ہے ، جس کی شاخیں اور جڑیں زمین سے آسمان اور پاتال تک پھیلی ہوئی سمجھی جاتی ہیں ۔

YHWH, n. یہوہ ۔ دیکھیے : Yahweh ۔ نیز : YHVH, JHVH, JHWH. ۔

Yiddish, a. یہودی زبان کا یا اس سے متعلق ؛ یہودی زبان میں ظاہر کیا ہُوا ۔ (اسم) جرمن زبان کی ایک قدیم صورت جس میں عبرانی اور سلاقی زبانوں کے الفاظ شامل کر لیے گئے ہیں ، عبرانی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے اور جسے مشرقی یورپ کے یہودی اور دیگر ممالک میں ان کی اولاد اور یہودی تارکین وطن بولتے ہیں ۔

yield, v.t. دینا ؛ پھل دینا ؛ لادینا ؛ سونپنا ؛ فائدہ کرنا ؛ فائدہ دینا ؛ قبول کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ اطاعت کرنا ؛ اجازت دینا ؛ اتفاق کرنا ؛ جگہ دینا ؛ فطری طریقے سے یا کاشت کرکے یا محنت کے بدل میں کچھ دینا یا کوئی چیز پیدا کرنا (جیسے : Land yielding a good crop) ؛ ادائیگی ، نفع یا سود کے طور پر دینا یا مہیا کرنا (جیسے : An investment yielding six per cent) ؛ اعلیٰ طاقت یا اختیار کے حق میں سرجھکا دینا (جیسے : To yield a military position to the enemy) ؛ ہار مان لینا یا اپنے کو سپرد کر دینا (جیسے : to yield oneself to the temptation) ؛ چھوڑ دینا یا حوالے کر دینا (جیسے : To yield one's place in line) ؛ کسی کو اس کا حق دینا یا اس کی بڑائی تسلیم کرلینا (جیسے : to yield obedience) ؛ مہیا کرنا ، بہم پہنچانا یا باعث بننا (جیسے : The bridge game yielded two high scores) ۔ (فعل لازم) تابع ہونا ؛ بیٹا ہونا ؛ پیداوار ہونا ؛ لے آنا ؛ جگہ

سے بلنا ؛ دستبردار ہونا ؛ ماننا ؛ محنت کا ثمر حاصل ہونا ، پیدا ہونا یا پھل لانا ؛ دب جانا یا مغلوب ہو جانا ؛ مطیع ہو جانا، کسی بڑی طاقت کا (جیسے : The enemy yielded in surrender) ؛ اثر ، التجا ، دلیل یا اس طرح کی کسی چیز کے دباؤ میں آجانا (جیسے :He yielded to the arguments of the other jurors) ؛ فوقیت دینا یا ترجیح دینا (بعد میں to آتا ہے ، جیسے :To yield to a rival) ؛ کسی طاقت یا دباؤ کے آگے جھک جانا ، اس طرح کہ اس کے آگے سے ہٹ جانا ، مُڑ جانا یا ٹوٹ جانا وغیرہ ۔ (اسم) آمد ؛ حاصل ؛ پیداوار ؛ نتیجہ ؛ نکاسی ؛ منافع ؛ فصل ؛ اپج ؛ محاصل ؛ دست برداری ، تسلیم کرنے ، چھوڑنے ، پیدا کرنے ، قبول کرنے اور ہارمان لینے کا عمل ؛ جو حاصل کیا گیا ہو یا جس کو تسلیم کیا گیا ہو ؛ نفع یا آمدنی کی مقدار ؛ کسی مالی لین دین یا سرمایہ کاری سے آمدنی یا نفع ؛ ایٹمی دھماکے کی قوت ، جیسے ٹی این ٹی TNT کے وزن کی اکائیوں میں ناپا گیا ہو ۔

yielder, n. نفع دینے والا ؛ جگہ چھوڑنے والا ۔

yielding, a. مغلوب ؛ ملائم ؛ نرم ؛ مان لینے ، ہدایت پر عمل کرنے یا دست بردار ہونے کے لیے تیار ؛ حسب ہدایت کام کرنے والا ؛ مزاحمت نہ کرنے والا ؛ کمزور ؛ لچکدار ؛ بہ آسانی مان جانے والا ؛ پیدا کرنے والا ؛ دبُّو ؛ رضامند ۔

yieldingly, adv. لچتے ہوئے ؛ دبتے ہوئے ؛ نرمی سے ؛ قبولیت سے ، رضامندی کی طور پر ، مانتے ہوئے ۔

Yin, n. (بعض اوقات چھوٹے y سے) ین ۔ (چینی فلسفہ) فطرت میں انفعالی تانیثی قوت یا اصول ۔ تقابل کے لیے دیکھیے : yang ۔

yip, v.i. تیز اور بلند آواز میں چلاّنا یا بھونکنا ، کُتے کے بچّے کی طرح ۔ (اسم) آواز جو کُتے کے بچّے (پلّے) نکالتے ہیں ۔

Yipee, Yippie, n. یپّی ؛ بین الاقوامی جماعت برائے نوجوانان کا ایک رکن ؛ بنیادی نوعیت کی تبدیلیاں لانے کا داعی گروہ ، جس کی بنیاد ۱۹۶۶ء میں رکھی گئی اور جو امریکی معاشرے میں مکمل تبدیلی لانے کا خواہش مند ہے ۔

yippee, interj. فخر ، مسرت یا خوشی کا کلمۂ اظہار ۔

ylang-ylang, Ilang-Ilang, n. ایلانگ ایلانگ ؛ یلنگ یلنگ ؛ فلپائن اور جاوا کا ایک بڑا درخت ، جس کے پھولوں سے خوشبودار تیل حاصل کیا جاتا ہے ؛ خود یہ خوشبودار تیل ۔ دیکھیے : an ona oil ۔

yo-del, yodle, v.t., v.i. الاپنا ؛ گنگنانا ؛ قدرتی آواز کو اچانک اُونچی مصنوعی آواز میں بدل کر اور اس کے برعکس سوئٹزر لینڈ اور ٹرول (آسٹریا) کے کوہ پیماؤں کی طرح گانا ؛ بلند آواز سے چلانا یا اس طریقے سے پکارنا ۔ (اسم) بلند آواز میں گانے کا عمل ۔

yodeler, yodler, Brit. yodeller, n. الاپنے والا ۔ (برطانوی) گنگنانے والا ۔

yoga, n. یوگ ؛ جوگ ؛ مراقبے کا عالم ۔ (ہندو فلسفہ) انسانی روح کا روحِ کائنات کے ساتھ باطنی اتحاد ؛ ریاضت باطنی ؛ جسمانی اور ذہنی مشقوں کا نظام ، جو اس ملاپ کے وقوع کے لیے تشکیل دیا جائے یا تمام بیرونی اشیا سے حواس کا تعلق منقطع کرکے اور کسی اصول یا خصوصاً کسی اہم شے پر غیر منقطع مراقبہ کے ذریعے جسمانی اور روحانی صحت کا فروغ ۔

yogic, a. یوگ کا یا اس سے متعلق ۔

yogi, yogin, n. یوگی ۔ [اردو ، ہندی] وہ شخص جو یوگا کی مشقیں کرتا ہے یا انھیں سکھاتا ہے ؛ یوگ کا عامل ؛ جوگی ۔

yogurt, yoghurt, yoghourt, n. [ترکی] دہی ؛ جغرات ؛ یوگرٹ ؛ دودھ سے جمائی ہوئی اور خمیر اٹھائی ہوئی شے ۔

yohimbine, n. قلی نماماده ، جو درخت کی چھال سے حاصل ہوتا ہے ، پہلے اسے مُبہی دوا کے طور پراستعمال کیا جاتا تھا ۔

yoicks, interj. لومڑیوں کے شکار کے دوران کتوں کو جوش دلانے اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے پُرانے زمانے میں بولی جانے والی ایک زور دار آواز ؛ بُلارا ۔

yoke, n. جُوأ ؛ جوغ ؛ یوغ ؛ جوت ؛ جوڑی ؛ جانوروں کے ایک جوڑے کو اکٹھا کرنے کا ذریعہ ، خصوصاً بیلوں کو جو عموماً ایک عرضی لکڑی پر مشتمل ہوتا ہے جس کے نیچے دو کمان نما ٹکڑے لگے ہوتے ہیں ، جن میں ہر بیل کا سرڈال دیا جاتا ہے ؛ جُوئے میں بندھے ہوئے جانوروں کا ایک جوڑا ؛ کوئی چیز جو جُوئے سے یا جُوئے کی کمان نما لکڑی سے مشابہ ہو یا اس کی طرح استعمال ہوتی ہو ؛ کسی شخص کی گردن اور کندھوں پر رکھی جانے والی یا استعمال ہونے والی بہنگی یا بہنگی کا بانس جس سے بالٹی وغیرہ کھینچی جاتی ہے ؛ بینگی کا بانس ۔ (میکانیات) ایک ترکیب بطور شکنجہ یا شگاف ، جو کسی متحرک مشینی پرزے کو چلائے ۔ (جہاز رانی) کشتی کی پتوار کے سرے پر لگی ہوئی عرضی لکڑی ؛ گھوڑے کی زین کا ایک حصہ جو گاڑی کے بموں سے بندھا ہوتا ہے ؛ کسی کپڑے میں لگا ہوا کوئی ٹکڑا جو گردن کے گرد یا اس کے نیچے یا رانوں کے گرد لگایا جاتا ہے ، جہاں سے باقی کپڑا لٹکتا رہتا ہے ؛ اطاعت ، نوکری یا غلامی کانشان یا علامت جس کے تحت قدیم رومی اور دیگر اقوام اپنے جنگی قیدیوں کو لے جایا کرتے تھے ؛ زنجیر ؛ کڑی ؛ طوق ؛ بیڑی ؛ حلقہ ؛ غلامی ؛ محکومی ؛ کوئی چیز جو اکٹھا جوڑتی ہے جیسے جوڑ یا بندھن (جیسے : The yoke of matrimony) ؛ رشتہ ازدواج ؛ عقد؛نکاح ؛ رشتہ اتحاد ، عقد۔ (برطانوی بولی)وقت ، جس کے دوران کوئی کاشتکار اور اس کے ساتھی مسلسل جتنا کام کرتے ہیں ؛ مسلسل کام ؛ کا ایک عرصہ یا کام کے دن کا ایک حصہ جس میں بلا وقفہ کام کیا جائے ۔ (فعل متعدی) روکنا ؛ مقید کرنا ؛ پابند کرنا ؛ بندھن میں جکڑ دینا ؛ ساتھ لگانا ؛ نتھی کرنا ؛ باندھ دینا ؛ غلام کرنا ؛ جُوا ڈالنا ؛ ساتھ رکھنا ؛ حلقہ بگوش کرنا ؛ ساتھ باندھنا ؛ جُوا رکھنا گردن پر ؛ جُوئے کے ذریعے باندھنا یا باہم جوڑنا ؛ بل یا گاڑی کے ساتھ جانور کو جوتنا ؛ ملانا ، جوڑا بنانا ، جوڑنا یا اکٹھا کرنا ۔ (فعل لازم) ملا ہُوا ہونا یا مل جانا ؛ متحد ہونا یا جُڑنا ؛ جُتنا ؛ ساتھ چلنا ۔

yoke fellow, yoke mate, n. ساجھی ، زوج ؛ جوڑی ؛ جوڑ ؛ محنت کے دوران ایک دوسرے کے ساتھ متحد افراد ؛ شریک محنت ؛ شادی کے ذریعے ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ؛ حصہ دار ؛ ساتھی ؛ رفیق حیات ؛ ہم جولی ؛ جوڑی دار ؛ شوہر یا بیوی ۔

yokel, n. بیلوں کی جوڑی کو چلانے والا ؛ اجڈ ، گنوار ۔ (صفت) جاہل دیہاتی ؛ کندہ ناتراش ۔

yokelish, a. دیہاتی کی طرح ۔

yolk, n. (حیاتیات) زردی بیضہ ؛ انڈے کی زردی ، جو سفیدی میں معلق رہتی ہے ؛ لحمیات اور روغنیات ؛ جانوروں کے بیضہ

چھاتی اور سَر کتھئی ہوتا ہے اور دیکھنے میں کھلونا سا معلوم ہوتا ہے۔

you, pron. تُم ؛ تُم لوگ ؛ آپ ؛ تمہیں ؛ آپ کو ؛ اسم ضمیر صیغۂ مخاطب ؛ بنیادی طور پر ye کی مفعولی حالتِ جمع لیکن اب باقاعدگی سے حالت مفعولی یا حالتِ فاعلی کے طور پر واحد یا جمع دونوں صورتوں میں استعمال ہوتا ہے ، لیکن فاعل کے طور پر ہمیشہ جمع کے فعل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ؛ ایک یا عموماً زیادہ افراد کے لیے (جیسے : you can get there by bus)۔

youall, pron. آپ سب ؛ تم ؛ عموماً دو یا زیادہ افراد سے براہِ راست تخاطب کے وقت مستعمل۔

you'd, you had یا you would کی مختصر صورت/مرخّم۔

you'll, you will یا you shall کی مختصر صورت/مرخّم۔

young, a. نوجوان ؛ جوان ؛ جو زندگی یا نشوونما کے پہلے یا ابتدائی مرحلے میں ہو ؛ جو بوڑھا نہ ہو ؛ نو عمری کی شکل و شباہت رکھنے والا ؛ تازہ و نوخیز یا طاقتور ؛ ابتدائی زندگی یا جوانی سے متعلق یا اس کی خصوصیات کا حامل ؛ اجڈ ؛ کچی عقل والا ؛ کم تجربے والا ؛ ناتجربہ کار ؛ نا آزمودہ کار ؛ ناپختہ ؛ صغیرسن ؛ خُرد سال ؛ بچہ ، کم سن ؛ نوعمر ؛ نوخیز ؛ سرسبزو شاداب ؛ ایک ہی نام کے دو شخصوں میں سے چھوٹا یا کم عمر ؛ اپنے وجود کے ابتدائی دور کا (جیسے : young corporation) ؛ نیا ؛ نئے اور ترقی پسند سیاسی یا سماجی نظریات یا مقاصد کی علامت یا نمائندگی جو اسم معرفہ کے طور پر استعمال ہو (جیسے : the Young Liberals)-(اسم) جوان افراد یا نوجوان ، بحیثیت مجموعی ؛ جانداروں کے چھوٹے بچے۔

with young, حاملہ۔

youngish, a. قریب قریب جوان ؛ کم عمر سا۔

young berry, n. (باغبانی) ایک بڑا مختلف العناصر بیری کا پودا ؛ ڈیوبیری اور سیاہ بیری کا مخلوط جسے بی ایم ینگ نے ۱۹۰۰ء میں پیوند کیا۔

youngling, n. نوجوان لڑکا/لڑکی ؛ جانور جو اپنی زندگی کے پہلے حصے میں ہو ؛ جانور کا بچّہ ؛ نو آموز ؛ جُسے کوئی تجربہ حاصل نہ ہو یا بہت کم تجربہ حاصل ہو۔ (صفت) نوجوان ؛ نوخیز۔

youngster, n. نوجوان ؛ نوعمر ؛ لڑکا ؛ لونڈا ؛ بالا ؛ تازہ لگا ہُوا پودا یا خرد سال جانور/نوعمر جانور ؛ امریکی بحریہ اکادمی میں دوسرے سال کا زیر تربیت بحری ملازم۔ (برطانوی،بول چال) فوج میں نچلے درجے کا افسر۔

Young Turk, n. جوان ترک ؛ ترکی کی انقلابی اور قومی سیاسی جماعت کا رکن ، یہ جماعت انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں سرگرم رہی ؛کسی تنظیم کا باغی یا تجدد پسند ، خصوصاً کسی سیاسی جماعت کے اندر باغیوں کا گروہ۔

younker, n. لڑکا ؛ نوجوان ؛ چست و چالاک بچہ ؛ (اصل میں) کسی اعلیٰ خاندان کا نوجوان۔

your, pronominal., a. تمہارا ؛ آپ کا ؛ آپ کے ؛ تمہارے ؛ you سے متعلق ؛ you کی حالتِ اضافی۔

you're, you are کی مختصر صورت۔

میں لحمیات و روغنیات کے چھوٹے چھوٹے باریک دانوں کی شکل میں غذائی مادہ ، جو بڑھتے ہوئے جنین کو غذائیت مہیا کرتا ہے ؛ بھیڑ کی جلد سے نکلنے والی تیل نما رطوبت ، جو اس کی روئیں/پشم کو نرم اور لچکدار بناتی ہے۔

yolky, a. انڈے کی زردی کی مانند ؛ نرم ؛ ریشمی۔

yolk sac, n. (حیاتیات)کیسۂ زردہ ؛زردہ کی تھیلی ؛ حشرات ، پرندوں اور اس طرح کے جانداروں میں جھلّی دار نسیجوں کی تھیلی نما ساخت ، جس میں زردی دار رطوبت ہوتی ہے اور جو جنین کے ساتھ ملحق ہوتی ہے ؛ زردی دار رطوبت سے پُر جگہ جو جنین کی آنت سے مربوط ہوتی ہے اور جنین کی نشوونما کے دوران اُسے غذائیت اور خون مہیا کرتی ہے اور دودھ پلانے والے جانوروں میں پیدایش کے وقت جنین سے الگ ہو جاتی ہے۔

yom kippur, [عبرانی]یوم کفارہ ؛ یوم کپّور ؛ یوم جزا ؛ کفّارے کا دن۔

yon, a., adv. (شاعری) وہ ؛ آگے ، پرے ، سامنے کا۔ (ضمیر) (شاعری) وہ (واحد اور جمع) ، کچھ فاصلے پر کسی چیز کا حوالہ دیتے ہوئے۔

yond, a., adv. (قدیم) yonder۔

yonder, a. وہاں ؛ کچھ فاصلے پر موجود جو نظر آرہی ہو یا جسے دکھایا جاسکے ؛ سامنے کا ، پرلا۔ (متعلق فعل) اُس جگہ پر یا وہاں ، جو نسبتاً فاصلے پر ہو یا اس کی طرف اشارہ کیا جارہا ہو؛ پَرے ؛ سامنے ؛ تھوڑی دُور پر ؛ فاصلے پر ؛ اُدھر ؛ اُس طرف۔

yoni, a. یُونی ؛ مادہ کے خارجی اعضائے تناسل کی علامت ؛ ہندو مذہب میں شکتی کی پوجا میں مستعمل۔ برائے تقابل دیکھیے: lingam۔

yoo-hoo, interj. دوسرے شخص کی توجہ مبذول کرانے یا اُسے بلانے کے لیے مستعمل کلمۂ فجائیہ۔

yore, n. کئی سال پہلے ؛ زمانۂ سابق یا قدیم ؛ ماضی ؛ پہلا زمانہ ؛ پرانے وقت ؛ عہد سلف ؛ ماضی بعید (عموماً اس سے پہلے of استعمال ہوتا ہے ، جیسے : castles of yore)۔

Yorkist, a. انگریز خاندان یارک کا یا اس سے متعلق ، جس کے حکمران افراد میں ایڈورڈ چہارم ، ایڈورڈ پنجم اور رچرڈ سوم شامل تھے۔ (اسم) خاندان یارک کا فرد یا اس کا حامی ، خصوصاً جنگِ گلاب (۱۳۵۵ء — ۱۴۸۵ء) کے دوران ، جو یارک اور لنکاسٹر خاندانوں میں انگلستان کے تخت کے بارے میں ہُوئی۔

York rite, n. دو اعلیٰ پایہ کے فری میسن نظاموں میں سے ایک کی رسومات یا اعمال ، جو صلیبی جنگوں میں عیسائی سرداروں کا سب سے بڑا کماندار انجام دیتا تھا۔ برائے تقابل دیکھیے : Scottish rite۔

York-shire, n. یارک شائر ؛ ایک قسم کا سفید خنزیر ، جو یارک شائر ، انگلستان میں پایا جاتا ہے ؛ انگلستان کا ایک ضلع۔

York-shire pudding, n. یارک شائر پُڈنگ ؛ پھینٹے ہوئے پھیکے میدے سے گوشت کے نیچے رکھ کر پکایا ہوا پڈنگ تاکہ اس میں گوشت کا رس شامل ہو جائے ؛ دودھ اور آٹے کی کھیر جو خصوصاً گائے کے گوشت کے ساتھ پکائی جاتی ہے۔

York-shire terrier, n. یارک شائر ٹیریر ، ایک چھوٹا سا ہلکے سفید نیلے رنگ کے سیدھے ، لمبے اور ریشمی بالوں والا ولایتی کُتّا جس کی

yours, pron. تمہارا ؛ آپ کا ؛ وہ (واحد یا جمع)
جو you سے تعلق رکھتا ہو۔ (گرامر) you کی حالتِ اضافی ، جو مسند کے طور پر ماقبل اسم کے بالواسطہ یا بلاواسطہ حوالے سے استعمال ہو (جیسے : That coat is yours. which is yours?) ۔

yours truly, تمہارا خیر طلب ، یہ الفاظ عموماً کسی خط کے آخر میں استعمال ہوتے ہیں اور دستخطوں سے پہلے لکھے جاتے ہیں ۔ (بول چال) میں ؛ مجھے یا خُود میں ۔

yourself, pron. تم آپ ؛ تم خود ؛ اپنے تئیں ؛ اپنے آپ سے ؛ تم ، نہ کہ کوئی اور یا کچھ اور لوگ ؛ تم ، اپنی شخصیت کے طور پر یا انفرادی طور پر ؛ یہ ضمیر معکوس کے طور پر مستعمل ہے (جیسے : Did you make that yourself?) ؛ امتیاز ظاہر کرنے یا زور دینے کے لیے مستعمل (جیسے : only you yourself can find the right answer.) ۔

youth, n. جوانی ؛ نوعمری ؛ عالمِ شباب ؛ کم سِنی ؛ نوجوان ہونے کی حالت یا صفت ؛ نوجوانی ؛ کمسنی اور شباب یا بچپن اور بلوغ کے درمیان زندگی کا حصہ ؛ خُردسالی ؛ لڑکپن ؛ عنفوان شباب ؛ نوجوان فرد ، خصوصاً نوجوان لڑکا ؛ لڑکا بالا یا نوعمر ؛ مجموعی طور پر نوجوان لوگ ۔

youthful, a. نوجوان ؛ نوعمر ؛ نوخیز ؛ جوش بھرا ؛ جو زندگی کے ابتدائی مرحلے میں ہو ؛ نوجوانی کی خصوصیات لیے ہوئے یا نوجوانی سے متعلق ؛ چست و چالاک ، تازہ اور طاقتور ، جیسے نوجوان ہوتے ہیں ۔ (ارضیات) زمین کا تھوڑی مقدار میں کٹاؤ ۔

youthfully, adv. جوانوں کی طرح ؛ جوانی کے انداز سے ۔

youthfulness, n. نوعمری ؛ نوخیزی ؛ جوانی ؛ شباب ؛ بلوغ ۔

youth hostel, n. دیکھیے : hostel ۔

you've, you have کی مختصر صورت/مرخّم ۔

yowl, v.i. لمبے ، دُکھ بھرے فریادی انداز میں چیخنا چلّانا جیسے کُتّا چیختا ہے ۔ (اسم) ایک لمبی دُکھ بھری ماتمی چیخ ، جیسے کُتّے کی ؛ کُتّے یا بھیڑیئے کی چیخ ۔

Yo-Yo, n. چکری ؛ چکئی ؛ یویو ؛ دو ایسے پہیہ نما قرصوں کا ایک کھلونا ، جو درمیان میں ایک ٹکڑے سے جُڑے ہوتے ہیں،جس پر ڈور چڑھی ہوتی ہے ،جب ڈور کا ایک سرا ہاتھ میں رکھ کر اسے جھٹکے کے ساتھ پھینکتے ہیں ، تو یہ ڈور خودبخود لپٹ جاتی ہے اور وہ کھلونا ہاتھ میں آجاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

ytterbium, n. (کیمیا) اٹربیم ؛ ایک دھاتی عنصر ؛ لینتھا نائڈ یا نادرخاکی دھاتوں میں سے ایک جو زیادہ تر گاڈ و لینائٹ میں دو گرفتہ یا سہ گرفتہ شکل میں پائی جاتی ہے ۔

ytterbic, ytterbous, a. اٹر بیم کا ؛ اٹر بیم والا ۔

ytterium, n. (کیمیا) اٹریم ؛ ایک کمیاب سفیدی مائل دھاتی عنصر ، جو سہ گرفتہ صورت میں نادر خاکی عناصر کے ساتھ ملا ہوا پایا جاتا ہے اور ایٹمی صنعت ، دھاتی صنعت اور دیگر صنعتی تطبیقات میں مستعمل ہے ۔

Yucatecan, a. جنوب مشرقی میکسیکو کے جزیرہ نما یوکیٹن سے تعلق رکھنے والا ۔

Yucatec, n. یوکیٹی ۔

yucca, n. (نباتیات) یُکا ؛ ات کٹ ؛ شہالی امریکا کے پودوں کی ایک قسم ، جس کا تعلق سوسن خاندان سے ہے ، ان میں بعض پودے تو بہت بڑے ہوتے ہیں اور بعض چھوٹے لیکن ان کے پتّے لمبے ، سخت اور نکیلے ہوتے ہیں اور ان پر بڑے بڑے گچّھوں کی صورت میں سفید یا بنفشی رنگ کے پھول لگتے ہیں ۔

Yuga, Yug, n. جُگ ؛ عہد ؛ دَور ؛ یُگ ؛ عصر ۔ (ہندو فلسفہ) وقت کا ایک دَور ، خاص طور پر چار ادوار میں سے وُہ دَور جو وجود عالم کے ایک چکر کے دوران بلحاظ صفاتِ حیات بتدریج زوال پذیر ہوتا ہے ۔

Yugoslavian, a. یوگوسلیویا ، اس کی زبان اور اس کے باشندوں سے متعلق ۔ نیز : Jugoslav ۔

Yugoslav, Yugoslavic, n. یوگوسلاوی ؛ یوگوسلاوی زبان ۔

Yukon time, n. امریکا کا وہ خطۂ وقت جس میں جنوبی الاسکا کا کچھ حصّہ اور یوکون کا علاقہ شامل ہے ۔

Yule, n. یُول ؛ بڑا دن ؛ عید میلاد مسیح ؛ کرسمس یا کرسمس کا تہوار ۔

yule log, n. روایتی طور پر ، لکڑی کا لمبا لٹھا یا گولا ، جسے کرسمس کی شام آگ لگائی جاتی ہے یا جو آگ کی بنیاد بنتا ہے ۔

yuletide, n. (اکثر بڑے Y سے) یُول یا کرسمس کا عرصہ یا موسم ؛ کرسمس کی گھما گھمی ۔

Yuman, a. (لسانیات) امریکا کے جنوب مغربی اور میکسیکو کے شمال مغربی حصوں کے موہیو انڈین اور یوما انڈین کی مشترک زبان کی درجہ بندی کے حوالے سے ۔ (اسم) یومان زبان ۔

yummy, a. (بول چال) لذیذ ، فرحت بخش ؛ مختلف حواس کے لیے مرغوب ۔

yurt, n. یرٹ ؛ کھال یا نمدے سے بنا ہوا ، گنبد کی طرح کا ، انتقال پذیر بیلن نما خیمہ جسے ٹہنیوں کے ایک ڈھانچے پر پھیلا دیا جاتا ہے ؛ اس خیمہ کو وسط ایشیا اور سائبیریا کے خانہ بدوش قبائل استعمال کرتے ہیں ۔

Z

Z,z, n. انگریزی حروفِ تہجّی کا چھبیسواں اور آخری حرف ؛ اُنیسواں حرف صحیح ؛ بیان و اظہار میں اس حرف کی آواز ؛ لکھائی،چھپائی میں اس حرف Z یا z کی شکل ؛ اس حرف سے مشابہ کوئی شکل ؛ طباعت کے لیے اس حرف کا ترسیمی آلہ ۔

Z, (کیمیا) جوہری عدد ۔ (برق) مقاومت ۔ (فلکیات) سمت الرّاس کا فاصلہ ؛ دیکھنے والے کے سر کے اوپر سے لے کر آسمان کی انتہائی بلندی تک کا فاصلہ ۔

z, (ریاضی) نامعلوم (عدد یا قیمت) ؛ تیسرا (z) محور ؛ جہ محور ۔

zabaglione, n. زابالیونے ؛ ایک جھاگ دار شیرینی جسے گرم

پانی پر انڈوں کی زردی ، چینی اور مرسلا شراب کی آمیزش کو پھینٹ کے بنایا جاتا ہے ، ٹھنڈی اور گرم ہر دو شکل میں پیش کی جاتی ہے ۔

zaffer, zaffre, n. زافر ؛ رنگ مینا ؛ کوبالٹ کی ایک نامصفّا تکسیدی شکل (آکسائڈ) جسے خصوصاً کانچ اور چینی کے ظروف میں نیلا رنگ دینے اور نیلے شیشے کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

zamia, n. نخلک زامیا ؛ فرن نخلی ؛ سائی کاڈ (cycad) خاندان کی جنس زامیا کا کوئی پودا جو زیادہ تر استوائی امریکا میں پایا جاتا ہے ، اس کا تنا چھوٹا اور موٹا ، تاڑ کی طرح گوشک دار پتوں کا تاج اور لمبوترے مخروطی پھل ہوتے ہیں ۔

zamindar, zeminder, n. [اردو ، فارسی] زمیندار ؛ زمین والا ؛ مالک زمین ؛ مغلیہ ہند میں مالیہ دہندہ کسان ، جو سرکار سے ملے ہوئے قطعۂ اراضی /پرگنہ یا ضلع کی زمین کاشت کرکے سالانہ ایک مقررہ رقم ادا کرتا تھا ؛ برطانوی عہد کا مقامی زمیندار جو اپنی زیر تحویل زمین پر برطانوی حکومت کو ٹیکس دینے کا ذمّہ دار تھا ۔

zander, n. زینڈر ؛ میٹھے اور تازہ پانی کی ایک یورپی مچھلی ، جس کا تعلق خار ماہی خاندان سے ہے ۔

zany, n. زینی ؛ احمق ؛ بھانڈ ؛ عہد قدیم کی اطالوی اسٹیج کا وہ مزاحیہ کردار جو پیشہ ور مسخروں اور بھانڈوں کی نقل اتار کر ہنساتا تھا ؛ مضحکہ خیز حرکات کرنے والا نقلچی ؛ کوئی مسخرا ؛ بے ضرر مگر کم دماغ آدمی ؛ انتہائی سادہ لوح ؛ بے وقوف ۔ (صفت) متعلق بہ زینی ؛ دیوانہ (کمزور ذہن والا) ؛ سادہ لوحی اور بے تہذیبی کے حوالے سے مزاحیہ ۔

zanily, adv. زینی انداز سے ؛ احمقانہ انداز سے ۔

zaniness, zanyism, n. زینی پن ؛ احمقانہ پن ۔

zap, n. (عوامی) ناگہانی ضرب یا وقوعہ ۔ (فعل) دفعتاً برباد کر دینا ۔

zareba, zareeba, n. [عربی] زریبہ ؛ مویشی باڑ ؛ سوڈان اور ملحقہ علاقوں میں کسی کیمپ یا گاؤں کے گرد خار دار جھاڑیوں وغیرہ سے بنایا ہوا احاطہ ، جو دشمنوں اور جنگلی درندوں سے حفاظت کے لیے ہوتا ہے ۔

zarzuela, n. زرزویلا ؛ ہسپانوی اوپیرا کی ایک شکل جس میں عموماً طنزیہ یا مزاحیہ انداز کے مکالمے بولے جاتے ہیں ۔

z-axis, n. (ریاضی) جہ محور ؛ زیڈ محور ؛ سہ ابعادی کارٹیزی محددی نظام میں نقاط کے مکانی تعین کے لیے تین محوروں میں سے ایک ۔ دیکھیے : x-axis اور y-axis ۔

zeal, n. سرگرمی ؛ شدید اشتیاق ؛ کسی مقصد کے حصول کے لیے جذباتی شدّت ؛ کسی مقصد یا عقیدہ میں سرگرمی ؛ انتہائی سنجیدگی اور مستعدی ؛ ولولہ مندی ؛ جذباتی لگن ؛ شوق ؛ جوش و خروش ؛ دُھن ؛ انہماک ؛ چاؤ ۔

zealot, n. سرگرم ؛ جوشیلا ؛ پُرجوش ؛ کسی عقیدے کا کٹر پیرو ؛ متشدد ؛ مجنونانہ جوش والا ؛ جوش و جذبہ سے سرشار ؛ جذبہ کی شدت میں بہ جانے والا ، کٹر یا متعصبانہ حد تک جانبدار ۔ (بڑے Z سے) ء سے ۷۰ تک کے زمانے کے کٹر یہودی گروہ کا فرد جو فلسطین میں رومنوں کی موجودگی، خصوصاً ان کی حاکمیت اور رسوخ کا شدید مخالف تھا ۔

zealotry, n. حد درجے کا جوشیلا پن ؛ متعصّبانہ جنون ؛ کٹر پن ۔

zealous, a. سرگرم ؛ پرجوش ؛ لگن والا ؛ کسی شدید سرگرمی سے متاثر (فرد) ؛ کسی مقصد یا منزل کے حصول میں سخت جانفشاں ؛ سرگرم ؛ مستعد ؛ مشتاق ؛ جذباتی ؛ پُرشوق ؛ متشدد ۔

zealously, adv. سرگرم انداز سے ؛ پرجوش طریقے پر ؛ مستعدانہ ؛ متشددانہ ۔

zealousness, n. سرگرمی ؛ مستعدی ؛ شدت ۔

zebra, n. زیبرا ؛ گورخر ؛ جنس فَرس (Equus) کا دودھ پلانے والا افریقی چوپایہ جس کے سفیدی مائل جسم پر کالی بھوری یا کالی دھاریاں ہوتی ہیں ۔

zebrine, zebroid, a. زیبرائی ؛ گورخرسا ۔

zebrafish, zebradanio, n. زیبرا مچھلی ؛ برصغیر پاک و ہند کی انڈے دینے والی ایک چھوٹی استوائی مچھلی جس پر چمکدار سفید اور نیلی دھاریاں ہوتی ہیں ؛ گورخر ماہی ۔

zebrawood, n. زیبرا لکڑی ؛ جنوبی امریکا کے ایک درخت کی ہلکے بھورے رنگ کی دھاری دار لکڑی جسے الماری ساز استعمال کرتے ہیں ؛ اس لکڑی کا درخت ؛ زیبرا چوب ۔

zebu, n. سانڈ ؛ ناندیا ؛ کندھوں کے اوپر بڑا کوہان رکھنے والا ایک بھدا سا چوپایہ Bos Indicus جس کے گلے کے نیچے بہت لمبی گردن کی کھال لٹکتی رہتی ہے اور ایشیا و افریقہ میں پالا جاتا ہے ؛ کوہان دار بیل ۔

zed, n. (برطانوی) حرف زیڈ (z) کا نام ۔ (امریکی) زی (ze) ۔

zedoar, n. جدوار ۔

zein, n. (حیاتی کیمیا) زائن ؛ مکئی سے حاصل ہونے والے لحمیات جو زیادہ تر کپڑے کے سوت ، پلاسٹک اور لیپ کاری کے کام میں استعمال ہوتے ہیں ۔

zeit-geist, n. [جرمن] روحِ عصر ؛ فکر و احساس کا وہ عمومی رُجحان جو کسی خاص زمانی عہد سے مخصوص ہو ۔

zemindar, n. دیکھیے : zamindar ۔

zen, n. (بُدھ مت) زین ؛ چین اور جاپان میں موجود مہایان ، بُدھ مت کی ایک شکل ، جس کے مطابق نروان کتابوں کے بجائے ضبطِ نفس ، گیان دھیان اور وجدان کے ذریعے سے ممکن ہے ۔

zenana, n. [فارسی ، اردو] زنانہ ؛ برصغیر میں گھر کا وہ حصّہ جو عورتوں اور لڑکیوں کے لیے مخصوص ہوتا ہے ؛ حرم ؛ محل ۔

zenith, n. (فلکیات) سمت الراس ؛ اوج ؛ سر کی سیدھ ؛ کسی مقام پر فضا میں عمود کا مقام ؛ ناظر کے سر کے اوپر انتہائی مقام ؛ السمت ؛ اوج کمال ؛ انتہا ؛ انتہائی نقطہ ؛ چوٹی ۔ (مجازاً) کسی فرد کا کار جہاں میں حاصل کردہ انتہائی مقام ؛ نقطۂ عروج ۔ مقابلے کے لیے دیکھیے : nadir ۔

zenithal, a. (فلکیات) سمت الراسی ؛ سمت الراس کے قریب یا اس سے متعلق ۔ (نقشہ کشی) مرکزی نقطہ سے کسی نواحی جانب کو سمت نمائی کرنے والا ۔

zeolite, n. a. (کیمیا) زیولائٹ ؛ اُبال پتھر ؛ آبیدہ ایلومینم سلیکیٹ اور قلوی یا قلوی خاکی دھاتوں یا دونوں کے ساتھ مرکب گروہوں میں سے کوئی ایک جو عام طور پر آتشیں چٹانوں کے جوفوں میں ثانوی معدن کے طور پر ملتے ہیں ۔

مفعول کسی ایک فعل کے ساتھ مربوط ہوں یا کوئی حرفِ صفت دو اسموں کے ساتھ متعلق ہو جائے گو کہ اس کی مناسبت ان دو میں سے صرف ایک ہی کے ساتھ ہو ؛ صنعت حذفِ فعل یا حذف صفت (جیسے : to wage war and peace) ۔

zibeline, zibelline, n. زیبلن ؛ ایک چمکدار اونی کپڑا جس کی سطح ہموار ، نرم اور روئیں دار ہو ؛ سابل کی فر (سمور) ۔ (صفت) سابل یا اس کی کھال کا یا اس سے متعلق ۔

zibet,zibeth, n. زباد ؛ مُشک بلاؤ ؛ ایشیا اور برصغیر میں زبادیہ (Viverra) کی ایک نسل ؛ زباد ہندی ۔

zig, v.i. ایچ پیچ راستے کے کئی موڑوں میں سے کسی سمت کو مُڑنا ۔ (اسم) پیچدار راستے کا کوئی اچانک موڑ ۔

ziggurat zikkurat, n. [قدیم بابلی ، عکادی] زکورت ؛ قدیم بابلی اور اشوریوں کا کئی منزلہ مندر جواہرام کی شکل کے مینار کی طرح بنایا جاتا تھا ، جس کے چاروں طرف گولائی میں چڑھتا ہوا ایک چوڑا سا زینہ ہوتا تھا جس سے عمارت میں جگہ جگہ چبوترے بنے دکھائی دیتے تھے ۔

zigzag, n. کج مج ؛ پیچدار ، ٹیڑھا میڑھا خط ، راستہ یا سلسلہ جو پہلے ایک طرف اور پھر دوسری طرف اچانک موڑوں سے مرتب ہوا ہو ؛ کسی راستے یا لکیر پر ایسے موڑوں کا کوئی سلسلہ ۔ (صفت) پر پیچ و خم ؛ منحنی ؛ لہر دار ؛ لہریا ؛ موڑ دار ؛ بل کھاتا ہوا ۔ (متعلق فعل) ٹیڑھے میڑھے انداز سے ۔ (فعل لازم) کسی ٹیڑھے میڑھے راستے پر بڑھنا ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کو ٹیڑھا میڑھا کرنا ، اس کی ہئیت یا شکل میں ؛ ٹیڑھا میڑھا چلنا ؛ سیدھے نہ چلنا ؛ توڑ موڑ دینا ؛ پیچدار بنانا ؛ بل کھانا ؛ موڑ کھاتے ہوئے جانا ۔

zillion, n. زیلین ۔ (بول چال) ایک بہت بڑی غیر محدود گنتی ؛ مہاسنکھ ۔

zinc, n. جست ؛ زنک ؛ قلعی یا ملمع کاری کے لیے استعمال ہونے والا نیلگوں سفید رنگ کا دھاتی عنصر ؛ بھرتوں کا ایک جزو ؛ ایک تحویلی عامل ؛ وولٹائی بیٹری میں برقیرے کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے ، کیمیائی علامت Zn ، ایٹمی نمبر ۳۰ ، ایٹمی وزن ۶۵٫۳۷ ۔ (فعل متعدی) جست کا ملمع کرنا ۔

zincic, zincoid, zincous , a. جستی ؛ جستی صفات کا حامل ۔

zincky, zincy, zinky, a. جست والا ؛ جست نما ۔

zinc alloy, n. جستی بھرت جو حرارت اور کٹاؤ کے خلاف مدافعت کے خواص رکھتی ہے ۔

zincate, n. (کیمیا) جستی نمک ؛ زنکیٹ ؛ زنک ہائیڈرو آکسائڈ میں سے کسی بہت طاقتور برق مثبت دھات جیسے الکلی محلول میں پوٹاشیم یا سوڈیم کے ذریعے سے ہائیڈروجن نکال دینے کے بعد حاصل ہونے والا نمک ۔

zincblende, n. دیکھیے : Sphalerite ۔

zincite, n. (کیمیا) زنکائٹ ؛ گہرے سرخ سے نارنجی زرد تک کے رنگوں والا ایک بھربھرا معدن ؛ قدرتی طور پر ملنے والا زنک آکسائڈ جو عموماً دانہ دار نیم شفاف کج دھات کی صورت میں پایا جاتا ہے اور جست کا اہم ماخذ ہے ۔

zincograph, n. جستی طباعت ؛ جستی نقش ؛ جستی تصویر ؛ جستی بلاک ؛ جست نگاری یا زِنکوگرافی سے بنائی گئی جستی پلیٹ

zeolitic, a. ابال پتھر کا یا اس سے متعلق ۔

zephiran, n. زیفران ؛ امونیم کلورائیڈ (نوشادر) کے اجزائے ماحصل سے بنایا گیا محلول جسے جراثیم کش دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

zephyr, n. پچھوا ؛ باد مغرب ؛ لطیف ہوا ؛ بادنسیم ؛ بادصبا ؛ بُنائی کے لیے سُبک اور نفیس دھاگا ؛ نفیس اور عمدہ معیار کی کوئی بھی شے ۔

zeppelin, n. (اکثر بڑے Z سے) زیپلن ؛ منطار ؛ سفری غبارہ ؛ ایک ٹھوس ، قابل پرواز غبارہ جس کے اندر گیس بھرے خانے اس کے لمبے بیلن کی شکل کے جسم کو سہارے ہوئے ہوں ۔

zero, n. صفر ۔ (ریاضی) علامت صفر ؛ بِندی ؛ وہ عدد جو عدم مقدار کو ظاہر کرے ؛ ہر پیمایش کا نقطۂ آغاز ؛ وہ نقطہ جہاں سے مثبت یا منفی سمت کی تقسیم پیمانہ ناپی جائے ، جیسے تھرمامیٹر پر ؛ وہ درجۂ حرارت جو تھرمامیٹر پر صفر کا نشان ظاہر کرے ؛ بندوق کی شست کا وہ اعتدالی نشان جسے بدلتی صورت حال میں نشانے کی تصحیح کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ غیر اہم شخص یا چیز ؛ بے حیثیت ؛ زیریں ترین ؛ سب سے نیچے کا درجہ ؛ فلک کا وہ نقطہ جو مشاہدہ کرنے والے کے پیروں کی سیدھ میں ہو ؛ سمت الرّاس کے مخالف ؛ سمت القدم ؛ پستی کی انتہا ؛ عدم ؛ نفی وجود ؛ منتہائے زوال ؛ حد عدم ۔ (صفت) صفر یا اس سے متعلق ؛ غیر موجود ؛ غائب ؛ تہی یا محروم ؛ معدوم ؛ ندارد ؛ ناکارہ ؛ نظارہ کر سکنے کی محدودیت یا نظارہ کرسکنے سے محرومی کی کیفیت ، جیسے فضائے بسیط ۔ (فعل متعدی) صفر کے نشان تک درجہ بندی کرنا ۔

zero in, مطابقت کرنا ، جیسے کسی بندوق کے صفر کو گزشتہ فائرنگ کی درجہ بندی کے تناسب سے بہتر نشانے کے لیے ۔ (مجازاً) سیدھ میں بڑھنا ؛ ہدف کی طرف بڑھنا یا توجہ کا مرتکز کرنا ، عموماً on یا upon کے ساتھ مستعمل ۔

zero hour, n. (عسکری) صِفر وقت ؛ کسی حملے یا عسکری حرکت شروع کرنے کے لیے مقرر کیا گیا وقت ۔ نیز : H.hour ۔ (بول چال) وہ خاص وقت جب کوئی نازک یا فیصلہ کن عمل یا بات رونما ہوئی ہو ۔

zero-zero, a. (موسمیات) صفر صِفر ؛ ایسے موسمیاتی حالات سے عبارت جن میں حدِ نگاہ اور رویت دونوں صفر درجہ کے ہوں ۔

zest, n. لُطف ؛ چٹخارا ؛ چٹ پٹا مزہ ؛ تیز چاشنی ؛ چسکا ؛ رس ؛ سواد ؛ بڑی دلچسپی ؛ ذوق و شوق ؛ بے حد رغبت ؛ ابتداً نارنگی یا لیموں کا وہ ٹکڑا جو مشروب کو ذائقہ دینے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ؛ وہ شے جو لطف اور ذائقہ میں اضافے کا باعث ہو ؛ لُطف لینے کا عمل ؛ گہرا تلذّذ ؛ جوش اور شوق ۔ (فعل متعدی) مزہ دینا یا ذوق و شوق بڑھانا ۔

zestful, a. لطف انگیز ؛ پُر شوق ۔

zestfully, adv. لطف انگیز طور پر ۔

zestfulness, n. لطف انگیزی ؛ مزہ ۔

zesty, a. مزیدار ۔

zeta, n. زیٹا ؛ یونانی ابجد کا چھٹا حرف جو انگریزی حرف 'z' کے مساوی ہے ۔

zeugma, n. (گرامر، عروض) زیگما ؛ ایسی شکل جس میں دو

(تختی) ؛ ایسی کسی پلیٹ یا تختی کا نقش ۔

zincography, n. جست نگاری ؛ جستی پلیٹ پر چھاپہ کے لیے سطح تیار کرنے کا ہنر یا عمل ، خصوصاً اُبھرواں نقاشی میں؛فاضل حصوں کو تیزاب سے گلا کر جست کی تختی پر نقش و نگار بنانے کا کام ۔

zincographer, n. جستی بلاک ساز ؛ جست نگاری کرنے والا ۔

zincographic zincographical, a. جست نگاری کا یا اس سے متعلق ؛ جست نگارانہ ۔

zinc ointment, n. (علم ادویہ) جستی مرہم ؛ سفید پٹرولیم اور پیرافین کے اساسی مادہ میں ۲۰ فیصد زنک آکسائڈ کی آمیزش سے تیار شدہ جلدی امراض کی دوا ۔

zinc oxide, n. (کیمیا) زنک آکسائڈ ؛ سفید رنگ کا ایک بے شکل سا سفوف جسے پینٹ سے متعلق رنگ سازی اور خوشبویات کے علاوہ بطور قابض اور جراثیم کُش دوا کے بھی استعمال کرتے ہیں ؛ جَست کا آکسائڈ۔

zinc white, n. زنک وائٹ ؛ جست کا آکسائڈ جسے سفید پینٹ بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

zinfandel, n. زنفانڈل ؛ کیلیفورنیا میں اُگنے والے اسی نام کے کالے انگور سے کشید کی گئی عام قسم کی ایک لال شراب ۔

zing, n. زناٹا ؛ سنسناہٹ ؛ ہوا میں انتہائی سُرعت سے گزرتے ہوئے جسم کی آواز ؛ تیز سرسراتی آواز ؛ حیویت ؛ جان ؛ قوتِ حیات ؛ ولولہ ۔ (فعل متعدی) زناٹے سے گزرنا ؛ تیز سریع آواز بلند کرنا ۔

zinjanthropus, n. (بشریات) زنجان تھروپس نوع کے قدیم انسانوں میں سے ایک جس کی شناخت ٹانگا نیکا سے ملنے والے رکاز سے کی گئی جو بیس لاکھ سال پرانے تصور کیے جاتے ہیں ۔

zinkenite, zinckenite, n. زنکنائٹ ؛ دھاتی چمک رکھنے والا مٹیالے رنگ کا معدن جس میں سیسے اور سرمے کے سلفائڈ (گندھک والے مرکبات) ملے ہوئے ہوتے ہیں ،یہ مادہ قلمی شکل میں ہوتا ہے ۔

zinnia, n. زنیا ؛ آہار ؛ کئی اقسام پر مشتمل پودا جس کے پھول شوخ اور مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں ، اس کی زنیا الیگن (zinnia elegans) قسم زیادہ کاشت ہوتی ہے ۔

Zion, n. صیہون ؛ یروشلم کی ایک پہاڑی جس پر حضرت داؤد علیہ السلام کی عبادت گاہ اور محل واقع تھے جوقدیمی یہودی عبادت کا مرکز تھی ؛ خدا کا گھر اور گھرانہ جو پسندیدہ اور منتخب لوگوں پر مشتمل تھا ؛ بنی اسرائیل ؛ مذہبی سلسلہ ؛ خدا کاگرجا ؛ عام گرجا ؛ سچے ایمان والوں کے مجتمع ہونے کا آخری مقام ؛ آسمان اعلیٰ ؛ بعض عیسائی فرقوں کا گرجا یا عبادت گاہ ۔

Zionism, n. صیہونیت ؛ یہودیوں کی قومی تحریک ؛ جدید زمانہ کا وہ منصوبہ یا تحریک جو فلسطین (سرزمین صیہون) میں یہود کی آبادکاری سے تعلق رکھتا ہے ؛ وہ تحریک جو ان یہودیوں کے لیے ، جو اپنے اختیار کردہ مُلک میں جذب نہ ہونا چاہیں یا جذب نہ ہو سکیں ، فلسطین میں قومی وطن بنانے کا کام کررہی ہے جس کا ایک حصہ آج کل کی اسرائیل نامی ریاست ہے ۔

Zionist, n., a. حامی صیہونیت ؛ صیہونی ۔

Zionistic, a. یہودیوں کی قومی تحریک کا یا اس سے متعلق ۔

یہودی ۔

Zionite, n.

zip, n. زِپ ؛ کھولنے بند کرنے کا دندانے دار فیتہ ؛ زناٹا ؛ جھر؛جھراٹا ؛ ایسی آواز جیسی کپڑے کے پھٹنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ شوں شوں ؛ یکایک تیزی سے ابھرنے والی سیٹی کی سی مختصر آواز ، جیسے گزرتی ہوئی گولی کی ۔ (بول چال) توانائی اور جوش ؛ مستعدی؛ چالاکی ؛ چستی ۔ (فعل لازم) زناٹے کی آواز نکالنا ۔ (بول چال) توانائی اور تیزی سے حرکت ہونا (جیسے : to zip up to the store and back) ۔ (فعل متعدی) تیز کرنا یا تیزی سے لے جانا ۔ (بول چال) دلچسپ یا پُرشوق بنانا (up کے ساتھ مستعمل ، جیسے : to zip up the room with bright color) ۔

zip, v.t. زِپ کے ساتھ صندوق ، تھیلے ، بٹوے یا کسی اور سامان کو کھولنا یا بند کرنا ؛ زِپ کھول کر یا بند کرکے کسی چیز کو اندر بند کرنا یا باہر نکالنا (جیسے : to zip papers into a briefcase) ۔ (فعل لازم) کسی زِپ کے استعمال سے بند ہونا یا کُھلنا ۔

ZIP Code, Zip Code, n. زِپ کوڈ ؛ ڈاک کی چھانٹی اور تقسیم کو سہل بنانے کے لیے ریاست ، ضلع ، شہر یا پوسٹل علاقے پر مشتمل پنج ہندسی نظام ۔

zipgun, n. زِپ بندوق ، لکڑی کے دستے سے پائپ کا ٹُکڑا جوڑ کر بنائی ہوئی دیسی ساخت کی پستول جس کی لبلبی ربڑ کے فیتے سے دبائی جاتی ہے ۔

zipper, n. زِپ ؛ وہ بندھن جو دھات یا پلاسٹک کی دو دندانہ دار روشوں پر مشتمل ہوتا ہے جو کسی چیز کے متقابل کناروں پر لگے ہوتے ہیں اور جن کو ان روشوں کے اندر پھسلنے والا ٹُکڑا کھولتا یا بند کرتا ہے ۔ نیز : slide fastener ۔ (بڑے Z سے) ربڑ یا کپڑے کا جوتا یا موزہ جو زِپ کے ساتھ ٹانگوں سے بندھا ہوتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

zippered, a. زِپ والا ۔

zippy, a. (بول چال) توانا ؛ زندگی سے پُر ؛ جوش سے معمور ؛ تیز ۔

zircon, زرگون ؛ زرقون ؛ ایک عام چو گوشی شکل کا معدن جو چھوٹے شفّاف اور غیر شفّاف منشور نما قلموں کی شکل میں ملتا ہے ، قدرتی طور پر بے رنگ سے لے کر زردی مائل سرخ ، سرخی مائل بھورے ، سلیٹی ، مٹیالے بنفشی یا سنہری رنگت میں ہوتا ہے ، حرارت پہنچانے پر نیلگوں سفید ہو جاتا ہے ، اس کے نیم شفاف ٹکڑے قیمتی تصور کیے جاتے ہیں اور جواہرات کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

zirconate, n. (کیمیا) زرقونیٹ ؛ نمک زرقون ؛ کسی دھات کے آکسائڈ یا کاربونیٹ کو تیزابی زرقونیم آکسائڈ کے ساتھ ملا کر حرارت دینے سے حاصل ہونے والا نمک ۔

zirconium, n. (کیمیا) زرقونیم ؛ معدنی زرقون سے حاصل ہونے والا سلیٹی رنگ کا سخت دھاتی عنصر جسے دھات کاری ، ظروف سازی اورکیمیائی صنعتوں میں رگڑائی اور صفائی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، ایٹمی ری ایکٹر کی ساخت میں بھی استعمال کرتے ہیں ۔

zirconic, a. زرقونی ؛ زرقونیم سے مُشتق ۔

zirconium oxide, n. (کیمیا) زرقونیم آکسائڈ ؛ روغن سازی ، شیشہ گری ، حاجز گری اور رنگ کھرچنے کے لیے استعمال ہونے والا سفید سفوفی مرکب ۔ نیز : zirconia ۔

zither, zithern, n. سنطور ؛ تار سے بجانے والا ایک چپٹا ہموار سطح کا ساز جس میں تیس سے چالیس تاروں پر مشتمل ایک

صوتی ڈبا ہوتا ہے اور تاروں کو انگلیوں کے پوروں یا مضراب سے چھیڑا جاتا ہے۔

zitherist, n سنطور نواز۔

zizith, n. [صیہونیت] آپس میں گُندھے ہوئے نیلے اور سفید دھاگوں کی وہ جھالریں جو یہودی مردوں کی عبادت کے لیے مخصوص مقدس شال تالیت کے چو گوشوں پر لٹکی رہتی ہیں۔

zodiac, n. منطقۃ البروج ؛ آسمانوں پر محیط ایک فرضی خطہ جو بیضوے کے دونوں طرف آٹھ آٹھ درجوں تک پھیلا ہوا ہے جس کے اندر بارہ مجمع النجوم اپنے برجوں سمیت موجود ہیں لیکن تقدیم اعتدالین کی وجہ سے ہر برج اپنے ہم نام مجمع النجوم کے مغرب کی طرف واقع مجمع النجوم کا حامل ہے ؛ اس خطے کی نمائندہ ایک کُروی یا بیضوی خاکہ جس میں عموماً جانوروں کی تصویریں یا مجمع النجوم سے متعلق علامات ہوتی ہیں ؛ اس خطے کی تصویر ؛ ایک پورا چکر یا گولائی ؛ راس چکر ؛ راس منڈل۔

zodiacal, a. بروجی۔

zodiacal light, n. (فلکیات) ضیائے بروج ؛ نور بُرجی ؛ اُفق پر تقریباً بیضوی روشن خِطّہ جو یا تو غروبِ آفتاب کے بعد مغرب میں یا سُورج نکلنے سے قبل مشرق میں نمودار ہوتا ہے ؛ برج روشنی ؛ بروج روشنی ؛ ضوالبروج۔

zoetrope, n. (سینماٹو گرافی) گردشی حیات نما ڈھول جیسا آلہ جس میں مسلسل تصاویر کے مقابل خالی درزیں ہوتی ہیں جنھیں ڈھول کی گردش کے ساتھ ساتھ درزوں میں سے دیکھنے سے تصاویر متحرک دکھائی دیتی ہیں ؛ چرخ حیات ؛ گردش نما۔

zoisite, زویسائٹ ؛ ایک معدن ہائیڈرو زائلِک کیلسیم ایلومنیم سلیکیٹ جو قائمہ معینی قلموں میں پایا جاتا ہے اور جس کا تعلق ایپڈوٹ معدن سے ہوتا ہے۔

zombie, zombi, n. زومبی ؛ جنوبی افریقہ ، ہیٹی اور جنوبی امریکا کے وُوڈو مسلک کے لوگوں کا ایک ناگ دیوتا ؛ وُوڈو عقیدے کے مطابق کسی مُردہ جسد کو دوبارہ زندہ کرنے کے لیے استعمال کی جانے والی رُوحانی طاقت ؛ اس قسم کی طاقت سے ''خودکار'' اور ''زندہ'' کیا گیا انسانی جسم یا وہ جسم جس میں سے جادوگری کے زور سے ''روح'' چُرالی گئی ہو ؛ ایسا شخص جو کسی زومبی کی طرح سے دکھائی دے یا عمل کرے ؛ پھل رس ؛ گُڑ کی شراب اور انگوری شراب کو ملا کر بنایا گیا مخلوط مشروب۔

Zombiism, n. مسلک زومبی۔

zonal, zonary, a. منطقہ واری ؛ علاقہ واری ؛ علاقوں میں تقسیم کیا ہوا یا بانٹا ہوا ؛ منطقوی ؛ کسی خطہ یا علاقہ کی صفات یا اس سے تعلق رکھنے والا ؛ منطقوں کا ؛ خطوں کا۔

zonally, adv. منطقہ وار طور پر ؛ علاقہ وار انداز میں۔

zonate, zonated, a. منطقہ دار ؛ منطقہ بند ؛ منطقوں میں نشان کردہ یا رنگ کی ہم مرکز پٹیوں کے باعث نمایاں ؛ جو قطاروں ، منطقوں یا خطّوں میں ترتیب دیا گیا ہو ؛ حلقہ دار۔

zonation, منطقہ داریت ؛ منطقہ بندی۔

zone, n. منطقہ ؛ حلقہ ؛ پٹکا ؛ خطّہ ؛ پٹی ؛ علاقہ ؛ حصّہ ؛ مُتّصلاً پھیلا ہوا کوئی خطّۂ زمین عموماً کسی علاقے یا ارضی نشان کے گردا گرد یا کسی ایک نشان کے پاس سے شروع ہونے والا سلسلہ جو کسی حوالے سے ساتھ کے دوسرے خطّوں یا علاقوں سے مختلف یا کسی کام کے سلسلے میں مُمتاز ہو یا جس علاقے کے اندر بعض متمیزّ حالات موجود ہوں (جیسے : a wheat zone) ؛ کسی مخصوص مقام کے گرد کا علاقہ یا ایسے علاقوں کا سلسلہ جس کے اندر تمام مقامات پر نقل و حمل یا ترسیل کے اخراجات کی یکساں شرح مقرر ہو ؛ ڈاک پارسل کا ایسا ایک علاقہ جس میں کسی ایک مقام سے بھیجے گئے پارسل کے ٹکٹوں کے اخراجات یکساں رہیں ؛ کسی مرکزی یا بڑے شہر کے علاقے کی اعدادی ترتیب میں کی گئی ایسی تقسیم جو ڈاک کی چھانٹی اور تقسیم میں مِمد ثابت ہو ؛ کسی قصبے/شہر کا ایسا علاقہ جس میں مکانات وغیرہ کے سلسلے میں خصوصی پابندیاں عائد ہوں ؛ کسی ایک مخصوص علاقے کے اندر واقع ریلوے اسٹیشنوں کی کل تعداد جو کسی مقررہ بندرگاہ کے گرداگرد ہوں۔ (جغرافیہ) سطح دنیا کی تقسیم کے پانچ بڑے ارضی خطوں میں سے ایک ، جن کی حد بندی خط استوا کے متوازی خطوط سے ہوتی ہے اور اپنے موجودہ درجہ ہائے حرارت کی مناسبت سے جنھیں نام دیے گئے ہیں۔ (حیاتی جغرافیہ) ایسا خطّہ یا علاقہ جس کے اندر کم و بیش ایک جیسے پودے اور جاندار ہوں اور جو ان کی صفات کی یکسانی کے باعث دوسرے خطّے سے مختلف ہو۔ (جیومیٹری)کسی کُروی سطح کا وہ حصّہ جو دو باہم متوازی مستوی سطحوں کے درمیان واقع ہو۔ (کھیل) کھیل کے میدان میں کوئی مقرر کردہ خاص علاقہ۔ (قدیم) دائرہ ؛ کُرہ ؛ گھیرا یا پٹکا۔ (فعل متعدی) گھیرے میں لے لینا یا اطراف سے گھیر لینا جیسے کسی منطقے ، احاطے یا پٹی سے تقسیم کر دینا ، خطوں ، علاقوں یا منطقوں‌میں ،خواص یا شناخت کے اعتبار سے ؛ کسی شہر یا قصبے کو عمارتوں کے استعمال ، ان کی اونچائی یا زیر تعمیر رقبہ پر لگائی گئی پابندی کے لحاظ سے مختلف خطوں میں تقسیم کرنا۔ (فعل لازم) علاقوں یا منطقوں میں تقسیم ہونا۔

zoneless, a. طبقوں کے بغیر۔

zone rate, n. شرح منطقوی ؛ مفاد عامہ کے معاملات کے سلسلے میں علاقائی نرخنامہ جو مختلف منطقوں (علاقوں) میں اخراجات کی کمی بیشی کے تناسب کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے مگر اندرون منطقہ یکساں رہتا ہے۔

zoning laws, n. قوانین منطقہ بندی : شہروں یا قصبوں کے مروج کردہ حکمنامے جن کے زیر اثر بعض قطعات اراضی کا استعمال ممنوع یا محدود کر دیا جاتا ہے ، جیسے صنعتی منطقہ یا رہائشی منطقہ۔

zonule, n. حلقیزہ ؛ منطقچہ ؛ علاقہ ؛ حلقہ ؛ پٹی۔

zonular, a. حلقے دار۔

Zoo, n. چڑیا گھر۔ (حیوانیات) کوئی باغ یا دوسری ایسی جگہ جہاں عام طورپر زندہ جانوروں کی اندرون خانہ یا بیرون خانہ نمایش کی جائے ؛ جانور خانہ ؛ جانور گھر۔

zoo geography, n. حیوانی جغرافیہ ؛ جانوروں کی جغرافیائی تقسیم کا علم ؛ ان درجہ بندیوں کے حوالے سے اثرات اور زمین اور جاندار کے باہمی ارتباط کا مطالعہ ؛ جغرافیۂ حیوانات۔

zoo geographer, n. حیوانی جغرافیہ دان ؛ ماہر جغرافیہ حیوانی۔

zoo geographic, حیوانی جغرافیائی۔

zoo geographical, a. حیوانی جغرافیانہ۔

zoo geographically, adv. حیوانی جغرافیائی طور پر۔

zoogloea, n. (جرثومیات) حیوانی سریش ؛ بیکٹیریا کا گچھا یا تودہ جو پانی کے انجذاب کے باعث خلیوں کی دیواروں کے پھولنے اور ایس میں مل جانے سے لیس دار ڈھیر کی شکل اختیار کر لیتا ہے ۔

zoogloeal, a. حیوانی سریشی ۔

zoography, n. حیوانات نامہ ؛ حیوانات نگاری ۔ (حیوانیات) جانوروں ، ان کی اقسام ، اشکال اور عادات کا بیان ۔

zoographer, n. حیوانات نگار ؛ ماہر حیوانات ۔

zoographic, zoographical, a. حیوانات نگارانہ ؛ حیوانات بیانی کا ۔

zoographically, adv. حیوانات نگاری کے طور پر ۔

zoid, n. (حیاتیات) حیوان نما ؛ حیوین ، نامیاتی وجود (جانور یا پودا) جو اپنے جنم دینے والے جسم سے آزاد خود حرکت کرنے کا اہل اور زندہ ہو جیسے زواجہ (گمٹہ) یا فیتہ کرم ؛ کوئی زندہ حرکی صورت جو اپنے جنم دینے والے جسم سے الگ زندہ رہ سکتی ہے اور جو چشمہ زانی ، انشقاق یا غیر جنسی تولید کے ذریعے وجود میں آئی ہو ؛ کسی نظام سے متعلق کوئی جانور یا ان کا گروہ ۔ (صفت) جانور سے متعلق یا اس جیسی فطرت رکھنے والا ۔ نیز : zooidal ۔

zooks, interj. ایک حرف فجائیہ/ندائیہ ؛ حیرت/افسوس کا اظہار ؛ اظہار تاثر ایک طرح کی ہلکی سی قسم کے برابر ؛ خدانخواستہ ۔

zoolatry, n. حیوان پرستی ؛ جانوروں کی پوجا ؛ پشوپوجا ۔

zoolater, n. حیوان پرست ۔

zoolatrous, a. حیوان پرستی سے متعلق ۔

zoological garden, n. باغ حیوانات ؛ چڑیا گھر ؛ جانور خانہ ۔

zoology, n. حیوانیات ؛ علم الحیوانات ؛ حیوانات کی تاریخ ، ساخت ، جسمانی ماہیت ، فعلیات ، عادات اور جماعت بندی کے بارے میں علم ؛ کسی خاص علاقے کی حیات حیوانی ؛ علم الحیوانات کی کتاب ۔

zoological, a. حیوانیاتی ؛ حیوانی علم سے متعلق ۔

zoologically, adv. حیوانیاتی طور پر ؛ حیوانیاتی انداز سے ۔

zoom, v.i. زوں ، زوم ، لیک یا مسلسل بھنبھناہٹ جیسی آواز نکالنا ؛ ہوائی جہاز کو یکایک بہت کم فاصلے کے لیے بہت تیزی سے اونچا لے جانا جیسے بلندی کے حصول یا رکاوٹ پار کرنے یا اشارہ دینے کی خاطر ؛ سیدھا اوپر چڑھنا ؛ تیزی سے صعود کرنا ۔ (فلم ، ٹیلی ویژن) موضوعی منظر کو ماسکے میں رکھتے ہوئے کم یا زیادہ فاصلے کا تاثر دینے کے لیے کیمرے میں اسے تیزی سے قریب لانا یا اس سے دور ہٹنا ۔ (فعل متعدی) جہاز کو تیزی سے اوپر چڑھانا ؛ کسی رکاوٹ کے اوپر سے گزرنا ۔ (اسم) زومی عمل یا آواز ؛ ہوائی جہاز کی اوپر کی طرف اچانک حرکت ۔

zoometry, n. حیوان پیمائی ۔ (حیوانیات) حیوانات کے قد کاٹھ ، جثہ ، جسامت اور ان کے اعضائے بدن کی جانچ اور پیمائش تاکہ حیوانات کی اوسط/معیاری صفات کے تناظر میں کسی جانور کی اضافی شناخت اور اس کی جسمانیت کا تعین ہو سکے ۔

zoometric, zoometrical, a. حیوان پیمائی سے متعلق ۔

zoom lens, n. زوم عدسہ ؛ متحرک فلم یا ٹی وی کیمرے کا ایسا عدسہ جو ماسکہ سے ہٹائے بغیر پیش نظر تصویر کو فوری طور پر گھٹانے یا بڑھانے کا کام دے سکے ۔

zoomorphic, a. حیوان پیکر ؛ حیوان شکلہ ؛ جانوروں کی اشکال کی نمائندگی یا ان کی شبیہہ کا استعمال کرنے والا (جیسے : zoomorphic ornaments) ؛ غیر جاندار وجودوں یا اشیا کو حیوانی اشکال یا اوصاف سے متصف کرنے والا ؛ کسی جانور کی شبیہہ سے کسی دیوتا کی نمائندگی کرنے والا ؛ ایسی نمائندگی یا نسبت کا مظہر ۔

zoomorphism, n. حیوان پیکری ؛ حیوان کشی ؛ حیوانوں کی شکل میں نمائندگی جیسے زیورات یا فن میں ؛ کسی دیوتا کا حیوان شکل تصور یا جانوروں ایسی شبیہہ ؛ تقلب بہ حیوان ۔

zoon, n. (حیوانیات) حُوین ، حیوانی طبقہ سے کوئی ایک ۔

zoonal, a. حوینی ؛ حیوان نما ؛ زُونی ۔

zoonosis, n. (امراضیات) حیوانی مرض ؛ حیوان آوردہ مرض ؛ چھوت کی ایسی بیماری جو جانوروں سے انسانوں کو لگ سکتی ہو ؛ حیوان آوری ۔

zoophagous, a. (حیاتیات) حیوان خور ؛ درندہ ؛ جانداروں کو غذا بنانے والا ؛ گوشت خور ۔

zoophilous, zoophilic, a. حیوان دوست ؛ جانداروں کا دوست ؛ حیوان پسند ؛ حیوان جو ۔ (نباتیات) ایسا پودا یا اگنے والی شے جس کی زیرگی یا زیرہ باری جانوروں کے وسیلے سے ممکن ہو ۔

zoophobia, n. (نفسیات) حیوان ترسی ؛ جانوروں سے (مریضانہ) ڈر ؛ خوف حیوانات ۔

zoophyte, n. حیوانی نبات ؛ غیر فقاریہ جانوروں میں سے ایسا جو کسی پودے سے مشابہ ہو ، جیسے مونگا وغیرہ ، حیوانی پودا ، اسفنج ۔

zoophytic, a. حیوان نباتی ؛ حیوان نباتی کی قسم کا ۔

zooplankton, n. حیوان تریا ؛ پلانکٹنی حیوانات یا چھوٹے چھوٹے آبی جانور ؛ جل چر ۔

zooplanktonic, a. حیوان تریائی ؛ جل چری ۔

zooplasty, n. (جراحی) حیوانی پیوند کاری ؛ نچلے درجے کے جاندار کے وجود کی بافت کا انسانی وجود میں متاثرہ بافت کے بجائے استعمال ؛ حیوان پیوندی ۔

zoosperm, n. حیوانی تخم ؛ جانور کا مادّہ منویہ ؛ منوی حوین ؛ کرم منی ۔ (نباتیات) حی بذرہ ۔

zoospermatic, a. حیوان تخمی ؛ حی بذری ۔

zoosporangium, n. (نباتیات) حیوانی تخم دان ؛ تُخمک دان یا تُخمک خانہ جس میں حیّ بذرہ یا تخم پیدا ہوتے ہیں ؛ حیوانی کیسہ منی ۔

zoosporangial, a. حیوانی تخم دان/کیسہ منی سے متعلق ۔

zoospore, n. (نباتیات) حی تخم ؛ حی بذرہ ؛ بعض کائیوں اور فطرات کا پیدا کردہ غیر جنسی حیّ تخم جو اپنے روؤں کے ذریعے حرکت کر سکتا ہے ۔ (حیوانیات) کوئی بہت ہی خُرد حرکی سوطہ نما یا لاروا نما جسم جو بعض نخز حوینات کے بذری کیسہ سے برآمد ہوتا ہے ۔

zoosporic, zoosporous, a. حی تخمی ؛ حی بذری ؛ حی تخم کا ۔

zootomy, n. تشریح حیوانات ؛ مطالعے و مشاہدے کے لیے حیوانات (غیرانسانی وجود) کے کاٹنے اور چیرنے کا عمل ؛ تقابلی مطالعۂ ابدان ۔

zootomic, zootomical, a. حیواناتی تشریحی ؛ حیواناتی تشریحانہ ۔

zootomist, n. ماہر تشریح حیوانات ۔

zoot suit, n. (عوامی) زوٹ سوٹ ؛ کسی انتہائی موٹے آدمی کا سُوٹ خصوصاً ایسا جو ۱۹۴۰ء کے آغاز میں مقبول عام تھا جس کے لمبے کوٹ کے چوڑے کالر، لمبےگدی دار کندھے اور اونچی کمر والی تھیلا نما تنگ موہری کی پتلون ہوتی تھی ۔

zoot suiter, n. زوٹ سوٹ پہننے والا ۔

zoril, n. (حیاتیات) زورل ؛ امریکی لومڑی/نیولا ؛ دودھ پلانے والا ایک چھوٹا افریقی جانور جو بلّی جتنا بڑا ہوتا ہے ۔

zoster, n. (امراضیات) منطقہ ؛ منطقہ تبخالہ ؛ نملہ منطقی ۔ (یونانی،قدیم) حلقہ یا کمر بند ۔

Zouave, n. (بعض دفعہ چھوٹے z سے ۔) زواو ؛ فرانسیسی فوج میں پیدل دستوں میں سے ایک (جو اوّل اوّل الجزائری لوگوں پر مشتمل تھا) جو ایک خوشنما مشرقی وردی پہنتے تھے ؛ فوجوں کے کسی دستے کا فرد جو ایسا ہی لباس پہنے ؛ اس وردی کے مشابہ عورتوں کا ایک چھوٹا کوٹ ۔

zounds, swounds, interj. (قدیم) ایسی قسم جو محض اظہار حیرانی ، نفرت ، غصّے یا محض تاثر ظاہر کرنے کے لیے ہو ؛ خدانخواستہ ؛ لاحول ولاقوۃ ؛ خدارا ۔

zoysia, n. زوسیا ؛ ایک بیل جسے گرم ممالک میں لان کی گھاس کے طور پر لگاتے ہیں ، جس کے تار جیسے پتلے پتے ہوتے ہیں ۔

zuchetto, n. کلاہ کلیسا ؛ چھوٹی سی گول سر کی ٹوپی جسے رومی کیتھولک اہل کلیسا پہنتے ہیں : پادری کی ٹوپی کالی ، بشپ کی بنفشی ، کارڈینیل کی سُرخ اور پاپائے اعظم کی سفید رنگ کی ہوتی ہے ۔

zucchini, n. زوچینی ؛ گرمیوں کے موسم کا بیلن کی شکل کا کدو جس کا پوست گہرا سبز اور لطیف ہوتا ہے ۔

Zulu, a. زولو ؛ جنوبی افریقہ کی ایک قوم کے فرد یا اس کی زبان سے متعلق ۔ (اسم) زولو زبان ۔

Zulu, n. زولو برائے زیڈ ؛ انگریزی لفظ z کو ظاہر کرنے والا مواصلاتی لفظ ۔

Zunian, a. زونی ؛ نیو میکسیکو کے زونی قبیلے یا اس کی زبان سے متعلق ۔ (اسم) زونی قوم/زونی زبان ۔

zwieback, n. زوی بیک ؛ روٹی یا بسکٹ کی ایک قسم جسے پکا کر ، اس کے ٹکڑے کاٹ کر انھیں دوبارہ سینکا جاتا ہے ۔

zwitterion, n. (طبیعی کیمیا) زویٹران ؛ دوباری برقیہ ؛ ثنوی رواں ؛ دوباری رواں ؛ ایسا برقیہ یا ایٹم جوبیک وقت مثبت اور منفی بار رکھتا ہو ۔

zwitterionic, a. زویٹرانی ؛ دوباری برقیائی ۔

zygapophysis, n. (تشریح الاعضا) جفتی مفصل ؛ ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی عصبی (مرکزی نظام عصبی سے متعلق) قوس پر مفاصلی زائدوں میں سے ایک جو عموماً دو جوڑوں کی صورت میں ہوتے ہیں ، ایک نسبتاً اگلے حصّہ میں اور دوسرا پچھلے حصے میں اور ان کے وسیلے سے ریڑھ کی ہڈی کا ہر مہرہ اُوپر اور نیچے والے مہرے سے بہم پیوستہ ہوتا ہے ؛ یوغی مفصل ۔

zygapophyseal, zygapophysial, a. جفتی مفصل سے متعلق ۔

zygodactyl, a. (طیوریات) جفت انگشتہ ؛ جفت پنجۂ پرند ؛ ایسے پرندے کے پنجے کا جس کے ہر پاؤں میں آگے پیچھے جُڑی ہوئی دو دو انگلیاں ہوتی ہیں ۔

zygodactylous, a. جُفت انگشتہ ۔

zygodactylism, n. جفت انگشتیت ۔

zygoma, n. (تشریح الاعضا) وجنہ ؛ رخسار کی ہڈّی کے نمایاں ہونے کی کیفیت یا اس حصّہ کا نمایاں ہونا جو اسے کھوپڑی سے ملاتا ہے ؛ رُخسار کی ہڈی ؛ محراب وجنی ۔

zygomatic, a. عظم وجنہ کا ؛ وَجنی ۔

zygomatic arch, n. (تشریح الاعضا) وجنی محراب ؛ کھوپڑی کے حلقہ کے نیچے کی ہڈی والی قوس جو اس کے سامنے یا کنارے تک بڑھی ہوئی ہوتی ہے ۔

zygomatic bone, n. (تشریح الاعضا) عظم وجنہ ؛ عظم وجنی ؛ چہرے کے دونوں اطراف کی ہڈی جس سے محرابِ وجنی کا ایک حصّہ اور اس کا مدار بنتا ہے ۔

zygomatic process, n. (تشریح الاعضا) زائدہ وجنی ؛ عظم وجنی سے مربوط عظمی سلسلوں میں سے ایک ۔

zygomorphic, zygomorphous, a. (حیاتیات) وجنی شکلہ ؛ جس کی تنصیف صرف ایک سطح مستوی میں یوں ہو سکتی ہو کہ ہر نصف حصہ دوسرے نصف سے مشابہ و مماثل ہو ، جیسے عضویہ ، اعضاء یا حصّہ ہائے عُضو ۔

zygomorphism, zygomorphy, n. وجنی شکلیت ؛ وجنی تشاکل ؛ یکطرفہ تشاکل ۔

zygophyte, n. (نباتیات) جفت نبات ؛ جوگ پودا ؛ ایک پودا جو جفت بذرے سے افزایش کرے ۔

zygosis, n. (حیاتیات) جفتی ؛ دو خُلیوں یا گمٹوں کا وصل ؛ دو خلوی ملاپ ۔

zygose, a. دو خلوی ملاپ کا ۔

zygospore, n. (نباتیات) جفت بذرہ ؛ جوگ بذرہ ؛ ایسا خلیہ یا تخمک جو ایک جیسے گمٹوں کے ملنے سے بنے ۔

zygosporic, a. جفت بذرے کا یا اس سے متعلق ۔

zygote, n. (حیاتیات) جفتہ ؛ جوگا ؛ دو گمٹوں کے وصل سے بننے والا خلیہ ؛ اس قسم کے خلیے سے بننے والا حیاتی نظام ۔ (نباتیات) دو گمٹی ملاپ ۔

zygotic, a. جفتی ؛ دولونیوی ۔

zygotically, adv. جفتی انداز سے ۔

zygotene, n. (حیاتیات) جفتی ریشہ ؛ تخفیفی انقسام (meiosis) کی پہلی تقسیم جس کے دوران ہم ترکیب لونیے دو گرفتوں کے ساتھ جوڑے بناتے ہیں ۔

zymase, n. (حیاتی کیمیا) خامرہ ؛ خمیر کے اندر کا وہ خامرہ جو الکحل اور کاربن ڈائی آکسائڈ میں چینی کی تحلیل کا باعث بنتا ہے اور جسے جوہر (ست) کی شکل میں حاصل کیا جاسکتا ہے ؛ کیمیائی خمیر ؛ خمیرا ۔

zymogen, n. (حیاتی کیمیا/حیاتیات) خامرہ زا ؛ زائموجن ؛ مختلف مادوں میں سے کوئی جو اندرونی تبدیلی کے باعث کسی خامرہ کو جنم

دے۔ نیز : Pro-enzyme ۔

zymogenesis, خامرہ زائی ؛ کسی خامرہ زا کا خامرہ میں تبدیل ہونے کا عمل۔

zymogenic, a. خامرہ زائی کا ؛خامرہ خیز۔

zymology, n. (حیاتی کیمیا) خمیریات ؛ سائنس کا وہ شعبہ جو خمیر و تخمیر سے بحث کرے ؛ علم تخمیر ؛ اختماریات۔

zymologic, a. خمیریاتی ؛ علم تخمیر سے متعلق۔

zymolysis, n. (حیاتی کیمیا) خمیر پاشی ؛ خامروں کے تخمیری اعمال ؛ (ان سے) پیدا شدہ عمل تخمیر ؛ عمل کیمیائی خمیر۔

zymolytic, a. خمیر پاشی سے متعلق۔

zymoplastic, a. (حیاتیات)خامرہ پذیر ؛ خامرہ یا خامروں کو پیدا کرنے والا۔

zymoscope, n. خمیر نما ؛ وہ عملی وسیلہ جس سے کسی خمیر کی تخمیری صلاحیت کی قطعی پیمایش کی جاتی ہے۔

zymosis, n. تخمیر ؛ اختمار ۔ (طب ، حیاتیات) چھوت کی کوئی بیماری ؛ عفونت ؛ عفونتی مرض ؛ چھوت کا وہ عمل جس سے بعض بیماریوں کا آغاز منسوب کیا جاتا تھا۔

zymosthenic, a. خامروں کے عمل و تعامل کو تیز کرنے والا ؛ خامرہ انگیز۔

zymotic, a. تخمیری ؛ عمل تخمیر سے متعلق ؛ عمل تخمیر کا ؛ خمیری ؛ اختماری ۔ (طب ، امراضیات) چھوت کی بیماری کی علامت رکھنے والا ؛ عفونتی مرض۔

zymotically, adv. تخمیری انداز سے۔

Zymurgy, (کیمیا) تخمیری کیمیا ؛ اختماری کیمیا ؛ عمل تخمیر کے اصول اور طریقے بالخصوص جن کا کشید ، تقطیر ، شراب سازی ، خمیر سازی اور سرکہ سازی سے تعلق ہو۔

تمت بالخیر

ضمیمہ

لُغت استعمال کرنے والوں کی سہولت کے لیے ذیل میں ان چند منتخب اصطلاحات و الفاظ کی الفبائی فہرست دی جا رہی ہے جو اردو متن میں مخصوص انگریزی اصطلاحات و الفاظ کے لیے استعمال ہوئے ہیں۔

اردو	English
آب باشیدگی	hydrolysis
آخذ ، آخذہ	receptor
آلۂ سدس	sextant
آنی	instantaneous
آہنی کبریتے	iron pyrite
اخطبوط	polyp
احشاء	viscera
ادخال موروثہ	gene splicing
ادراک	perception
اَدَمہ	derma, skin
اُذین (قلب)	auricle
ارتعاش	vibration
استحالہ	metabolism
استقرا	induction
استنباط	inference
استنتاج	inference
اسراع	acceleration
اشاراتی ضابطہ	semaphore
اشعاع	radiation
اصلیہ	radical
اکال (بسیار خور)	phage
اکائی	unit
اکتسابی	acquired
السَموت	Azimuth
امالہ	induction
امتداد (موسیقی)	pitch
امعا	intestine
انبارک	sorus
انبان	cyst
انتاج	inference
انتشار	dispersion
انحنا	curve, curvature
انسب	optimum
انعطاف	refraction
انغماد	invagination
انفشار	dispersion
انفلاق	cleavage
اوّلین نوری قدر	first magnitude
اہتزاز	oscillation
ایصال	conduction
بار	charge
باز افزایش	regeneration
بازرسید	feed back
بافت	tissue
باقلہ	bean
بالابنفشی	ultra violet
بانی کمپنی	parent company
بثور	eruption
بجوا	seedlings
بدلو	amoeba, ameba
بذرہ	Spore
بذری خوینہ	Sporozoa
بر ـ بروں	ex
برّصغیر	Subcontinent
برق بارہ	ion
برق باشیدگی	electrolysis
برقیہ	electron
برگردہ	adrenal
برمعدہ	epigastrium
برنبات	epiphyte
برنباتی	epiphytic
بروں بری آب	water exudation
بزور تغذیہ	force feeding
بستگی	coagulation
بطریق	patriarch
بُطین (قلب)	ventricle
بظر	clitoris
بعوضہ	midget
بوچھاڑ	bombardment
بھارا	fumigation
بیخچہ	seedlings
بیرم	lever
بیروزہ/رال	resin
بیرونی پرت	ectoderm
بیضہ دان	ovary
بیلن	squeegee
پیپا (نلکی)	reed
پود گھر	green house
پہل روپ	larva
پہل کاری	initiative
پھل پتا	carpel
پھوٹک	brittle
پھول کٹوری	calyx
تابکار	radioactive, activated
تابہ حال	up-to-date
تالوسی	thallophyte
تبرید	refrigeration
تپ غُدّہ	mononucleosis
تثبیت	fixing, fix
تجارتی	commercial
تحریکی دھرا	driving shaft
تحوّل	metabolism
تحویل	reduction
تحویلی	reducing
تحویلی عامل	reducing agent
تُخمک	spore
تدخین	fumigation
تدہین	lubrication
ترسیب	precipitation
ترسیم	graph
ترنا/ترنے	float/s
ترویب	coagulation
ترویق	perculation
تزویجی	conjugated
تسویہ پذیر	adjustable
تشریق	orientation
تشکیل پذیر	malleable
تصریف	inflection
تصعید	sublimation
تعدُد/تعدّدِ ارتعاش	frequency
تعامل	process, interaction, reaction
تعدیہ	injection
تعظّم	ostosis
تفاعل	function
تقطیب	polarization
تقطیر	filteration
تقطیر پذیر	filterable
تقلیدی	Imitative
تکاثف	precipitation
تکبیس	intercallation

تکمله	integral
تکمیلی عمل	finishing
تلغیم	amalgamation
تلوین	stain
تماس	contact
تمدّد پذیر	ductile
تمسّکات	securities
تمیزی عمل	differentiation process
تنویر	Exposure
توریث	heredity
ثاپ (کہیل)	pitch
ثلج	glacier
جَبْذ	adsorption
جداری پرت	parietal
جذْب	absorption
جعده پا	cirriped
جُفته	coupling
جل تهلیا	amphibian
جلد	skin
جمود	inertia
جنین	embryo
جوز	nut
جوزالقه	spurge
جوشاره	boiler
جَوف	cavity
جوہر	atom
جِہری	aperture
جِہری اندازی	tread
جَیب	sine
جَیب التمام	cosine
چاشنی	flavor, flavour
چال چکر	cycles of operations
چپچپاٹ	Viscosity
چکل	keel
چلاؤہیہ	driving wheel
چہار قیرہ، چہار برقیرہ	tetrode
چھکا	racket
حابس	astringent
حاجز	insulator
حادہ	acute
حجز	insulation
حدقه	mydriasis
حَر	therm
حراره	colorie
حَرحَرکی	thermodynamic
حرمرکزی	thermo-nuclear
حرملائم	thermoplastic
حنجره	larynx
حوالگی	delivery
حُوتیه	cetacean
حیاتیه	plasm
خامره	enzyme
خُرد	micro
خزنده	reptile
خُشکاؤ	drying
خط حرکت	trajectory
خلنجی	heath
خلیه	cell
خلیه بستگی	pletelet
خودزا	parthenogenetic, abio-
خول دار	Crustacean
خوناب	serum
خیشوم	gill
خیطی انقسام	mitosis
خیطیه	nematode
داسر	propellant
دُختری خلیه	daughter cell
درقیه	thyroid
درون حوینه	entozoan, entozoon
دفعه	article
دگرزائی	heterogenesis
دم بستگی	coagulation
دواره	rotor
دوجنسی	hermaphroditic
دُوده	worm
دور	circuit
دوزوجی	dioecious
ڈھانچا	structure
راست خطی	rectilinear
راست گر	rectifier
رَبطاله	converter
ربیعی	vernal
رُتیاؤ	seasoning
رُکاز	fossil
رَوان	ion
روزن	aperture
ریشک	filament
زرتار	filament
زرریشه	stamen
زُلال	albumin
زیر احمریں	infra red
ساختیان	structure
سازینه	orchestra
سالمه	molecule
سبزمایه	chloroplast
سبله	sepal
سُداد	thrombus
سر	coefficient
سَرابیح	terminal
سرجلمه	epithelium
سردابه	refigerator, water cooler
سعت	magnitude
سُعر	rabies
سلسلۂ کار	process
سَلعه	cyst, granule
سَماروغ	fungus, mushroom
سوالیه	interrogative
سُورپیری	chivalry
سُوسمار	dinosaur
سُوطه	flagellum
سُوطیه	flagellate
سیری	saturation
شاخک	antenna, tentacle
شامه عصب	olfactory nerve
شائبه	shade
شبق	estrus
شبق زا	estrogen
شبکیه	retina
شحم	fat
شرط باز	book maker
شرنق	pupa
شطّ	cyme
شُعاعیه	aperture
شکرمیوه	fructose
شگاف	aperture
شگوفه زائی	budding
شیرخشت (من و سلوی)	manna
صبغه	pigment
صدفیه	mollusk
صمام	valve
ضابطه حصص	controlling stock
ضاتر	fortran
ضدمعتدلیه	antineutrino
ضدمفاسد	antiseptic
ضلالت	aberration
طعمه	bait
طَمث	menopause
طنزیه	Ironic
طَنفی	projecting
طَیف	spectrum
عاکس	reflector

عامل	agent
عتیق	antique
عدسه	lens
عَصایه	rod
عَصب	nerve
عصبانیه	neuron
عصب شمی	olfactory nerve
عصبه	nerve
عُضو ، عُضویه	organ
عُضومَص	sucker
عُضویه	organism
عَفریتیت	giantism
عفونت رُبا	antiseptic
عکاس	reflective
عکس انداز	reflector
عمل انگیز	catalyst
عمل کار	processor
عمل کاری	process
عنقی	cervical
غُدّه	gland
غُدّهٔ دَرَقیه	thyroid
غُضرُوف	cartilage
غُضرُوفی	cartilaginous
غور گر	transponder
غیر تناسلی	asexual
غیر جنسی	asexual
غیر مَنفک	inseparable
غیر نامی	inorganic
غیر نامیاتی	inorganic
فانه	wedge
فرق گیره	differential
فرمایش	order/ordering
فَشاربسته	pressurized
فَشاره	piston
فُصیله	order
فُطر	fungus
فَطرُومه	fungi
فعلیّت	activity
فعلی علاجی عامل	physiotherapeutic agent
فَقاریه ، فَقری	vertebrate
قابض کمپنی	holding company
قَحف	skull
قدر	value
قدیم	ancient
قشریه	crustacean
قضیب	penis

قَضیه	proposition
قُطبیه	pole
قُطر	diameter
قلماؤ	crystallization
قلوی	alkaline
قلیاسا	alkaloid
قلیانما	alkaloid
قَنات	duct
قُوّه	potential
قہرمان	gladiator
کاشفه	indicator
کثیر الارقام	polynomial
کثیر ترکیب	polymer
کٹاؤ	corrosion
کدُّو دانه	tapeworm
کرکرا	cartilage
کره روانی	ionosphere
کرینک دُھرا	crank shaft
کشت	culture
کَعبری	radial
کفالتیں	securities
کلی خوشه	cyme
کہامه	calyx
کنجُور	fossil
کہفی	hollow
کیسابه	cyst
کیسه	cyst
گُبھیا	cyme
گرفت	valency
گرفته	valent
گرمابه	geyser
گلپھڑا	gill
گمٹه	zygote
گُمرک	custom
گُم ساق	fronde
گُنکی تال	contrapuntal imitation
گوبیا	cyme
گیرا	tentacle
گیره ترسیل	gear transmission
لا ادری	agnostic
لاروا	larva
لامحور	x-axis
لحمیه	protein
لخته	clot
لزج	viscous
لزوجت	viscosity
لسونت	colloid

لُعابی	mucous
لَونیه	chromosome
مادهٔ حیات	protoplasm
ماسکه	focus
مافیه	content
مامحور	y-axis
مانع عفونت	antiseptic
مایه	plasm
مایهٔ حیات	protoplasm
مُبادله گاه	stock exchange
مبرّاق	dynamo
مُبرّد	refigerant
مُبیّض	ovary
مُتعامل	reactive, reagent
متغیر	variable (a)
متغیره	variable (n)
متمیز	distinct
مثبتیه	positron
محاس	tentacles
محتویات	contents
محدد	coordinate
مَحسّ (جمع) محاس	tentacle, antenna
محصل	receiver
مُحلّل	solvent
مخاطی	mucous
مُخدّر	anesthetic
مَرخ	field-in-microscope
مُرسل	transmitter
مُرکّب پھول	composite flower
مرکزه	nucleus
مزمن	chronic
مسام	pore
مسبار	radiosonde
مسخیت	distortion
مشیمه	placental
مشین	machine
مصفی / مُصفّی	rectifier
مصل	serum
مُضغه	embryo
مُطلق	absolute
مطویه	diploe
معالجه	therapy
معاء	intestine
مُعتدلیه	neutrino
معده پا	gastropod
معطیات	data
معلومات بندی	data processing

مُعین	diamond
مُعیَّن	ordinate
مُعین نما	orthorhombic
مَفصل	articulation, arthrodia
مَفصل پایار	arthropoda
مفعولی	objective
مُفوَضه	assigned
مقادیر	quantities
مقاومت	reluctance
مقاومیت	reluctivity
مُقتدره	authority
مِقدار معلومه (جمع مقدیر)	parameter
مقسُومه	divided
مکافی	parabolic
مُکثَفه	condenser
مُکسِد	oxidizer
مَکسُوبه	acquired
مَکنِده	sucker
مُماثل	analog
مُزُوج	racking
مَنجهروپ	pupa
مُنحِل	solute
مُنحنی	curve, curvature
مُنفرجه	obtuse
منفیره	cathode
مُنقلِب	mutant
مورِثه ، موروثه	gene
مَهار	mooring
مَهیپر	fin
مهیَج	stimulus
میمل	mammal
ناعمه	gestropoiep
نامی	organic
نامیاتی	organic
نبقه	coccus
نَخاع	spinal
نخامیه	pituitary
نُخُزحوین	protozoan
نُخُزمایه	protoplasm
نسیج	tissue
نصبه	fitting
نفس اول	protozoan
نفوذ	diffusion
نقشاب	water mark
نلی	duct
نَوات	nucleus
نوارثه کاری	gene splicing
نَهوض	blast
نهوضه	blastaea, blast
نهوضی	blasto
نهوضیه	blastoma
نیم موصل	semiconductor
وابست	attachments
واحده	unit
وطنانا	nationalization
وظائفی	functional
وعا	duct
وقف الدَم	ischemia
وقوف	cognition
وُلُوج	osmosis
وُلُوجی	osmotic
بلکاو	rabies
بم جا	isotope
بواسم	aerosol
بوانیه	antenna, aerial
بینت حاکمه	governing board
بنیتِ مقتدره	constituted authority
بیکلی عُضلات.	skeletal musles